# تفسیر احمد

## سُورَةُ عَبَسَ

Ketabton.com

جزء - 30

سوره «عبس» کا تفسیر و ترجمه

تصنیف: امین الدین « سعیدي - سعید افغانی»

(c) ketabton.com: The Digital Library

بسم الله الرحمن الرحیم

# سورة عَبَسَ

## جزء ( 30)

یه سوره مکه میں نازل ھوئی ھے ، اس کی 42 آیات ھیں

### وجه تسمیه:

یه سوره به سبب ذکر عَبَسَ کے سوره عبس کہلاتی ہے عَبَسَ "عبوست"سے ہے ،یعنی منه چڑھانا، جو که انسان کی عادت واوصاف میں سے ھے، یه کیفیت اس وقت انسان پر ظاھرھوتی ھے، جب کام میں مصروف ھو، اس لیے عَبَسَ نام رکھا گیا ۔

اس سورت کا نام پهلی آیت سے لیاگیاھے، مگرقابل ذکر بات یه ھے که عَبَسَ صرف اس سورت کا نام ہے، اس کے مضامین میں سے کسی بھی مضمون کا عنوان نهیں ھے۔

عَبَسَ:عُبُوس یا عَبُوْس کے مادے سے لیا گیا ہے، عُبُوْس یا عَبُوْس اس کے لیے کہا جاتا ہے جو چہره پھیرلیتا ہے یا سکڑ لیتا ہے، ظاہری منہ موڑنے کی کیفیت اندرونی حالت کی غماز ہے۔

### سوره عَبَسَ کی آیات، کلمات اور حروف کی تعداد:

سوره عَبَسَ کو سوره سَفَرَ بھی کہاجاتاہے ،اس سورت میں ایک رکوع ، (42) آیتیں اور ایک سو تینتیس( 133) الفاظ ھیں ، (552)پانچ سو باون حروف اور(292) دوسو بیانوے نقطے ھیں۔

### سوره عَبَسَ کا سبب نزول:

مفسرین اس سورت کے سبب نزول کے بارے میں کهتے ھیں که: یه سورت بی بی خدیجه رضی الله عنها کے خاله زاد بهائی حضرت عبد الله ابن أم مکتوم کے بارے میں نازل هوئی ھے، ان کے واقعه کو مفسرین کرام نے اس اندازسے بیان کیاہے:

عبدالله ابن أم مکتوم جو نا بینا تھے جب نبی کریم صلی الله علیه وسلم کے پاس آئے تواس وقت قریش کے بڑے بڑے سردار جن میں: عتبه بن شیبه ، ربیعة کے دونوں بیٹے ، ابوجهل بن هشام ، عباس بن عبدالمطلب ، امیه بن خلف اور ولید بن مغیره آپ صلی الله علیه وسلم کے پاس بیٹھے ھوئے تھے، آپ صلی الله علیه وسلم ان کو اسلام کی دعوت دے رهے تھے،اس امید پر که ان کے اسلام لانے سے جوکه قوم کے بڑے ھیں باقی لوگ بھی مسلمان ھوجائیں گے۔

اسی دوران عبد الله بن ام مکتوم نے کها: اے الله کے رسول ! آپ پڑھیے اور مجھے سکھا ئیے جو کچھ الله نے آپ کو سکھایاھے، عبد الله بن ام مکتوم اپنی

(c) ketabton.com: The Digital Library

بات دوھراتے رھے ، ان کو معلوم نهیں تھا که آپ صلی الله علیه وسلم قریش کے سرداروں کو دعوت دینے میں مصروف ھیں ۔
آپ صلی الله علیه وسلم پر یہ بات ناگوار گذری چهره مبارک ناخوشی کے عالم میں پھیردیا اور منه موڑا ان سے (جس سے چهرے میں عبوست ظاھرھوگئی)
اسی وقت یه سوره نازل هوئی۔
اس کے بعد رسول الله صلی الله علیه وسلم ابن ام مکتوم کی تعظیم وتکریم کرتے تھے، اور جب ان کو دیکھتے تو فرماتے " مرحبًا بمن عاتبنی فیه ربی" خوش آمدید اس کے لیےجس کی وجه سے رب نے مجھے سرزنش کی۔
پھر ان سے کهتے تھے: کیا آپ کوکوئی کام یا کچھ ضرورت ھے؟ میں تیار ھوں تمھارے کام اور ضرورت کو پورا کرنے کے لیے ۔
اھل سِیَر لکھتے ھیں که: پیغمبر صلی الله علیه وسلم نے دومرتبه اسے مدینه منوره میں بحیث والی کے مقرر فرمایا، جب آپ صلی الله علیه وسلم غزوات پر تشریف لیجاتے تھے ۔
ایک روایت میں ھے که اس سورت کے نزول کے بعد آپ صلی الله علیه وسلم نے کسی بھی فقیر سے چهره نهیں پھیرا اور نه ھی کسی سرمایه دار اور سردارکے کام میں خود کو مشغول رکھا۔
الله تعالی کی طرف سے غائب کا صیغہ استعمال کیا یعنی کہ پیغمبر اسلام کو مخاطب نهیں فرمایا: (عبس وتولی) (تیوری چڑھائی اور منه موڑا ، جب آیا اس کے پاس ایک نابینا) یعنی: رب تعالی نے یہ نهیں فریاما که : تونے تیوری چڑھائی اور منه موڑا، اس انداز میں کئی باتیں ھیں جو چند امور کو واضح کرتی ھیں:

1 - تربیت
2 - اظھار غصه
3 - انسان اور اس کی رسالت کے حدود کا تعین اور اس کے لیے رھنمائی یه بذات خود قرآن کے اعجاز کی ایک صورت ھے که ایک خاص انداز تکلم اپنایاگیاھے۔

## صحابی بننے کی شرائط

علماء کرام صحابه بننے کے بارے میں فرماتے ھیں:
صحابی بننے کی شرائط میں سے ایک شرط آپ صلی الله علیه وسلم کا دیدار ھے، کیا نابینا شخص ابن ام مکتوم جیسے جو پیارے نبی کریم ﷺ کی حضور میں موجود تھا صحابه میں سے شمار ھوگا یا نهیں؟
اس کے جواب میں یه کهنا چاھیے که صحابی ھونے کی شرائط مندرجه ذیل ھیں:

(c) ketabton.com: The Digital Library

1 - کوئی بھی شخص جس نے زندگی میں نبی کریم صلی الله علیه وسلم سے ملاقات کی ھو ۔
2 - نبی کریم صلی الله علیه وسلم پر ایمان لایا ھو ، اور بحالت ایمان دنیا سے رخصت ھوگیاھو۔

اب اگراوپر والی دونوں شرائط کسی آدمی میں نه پائی جائیں تو وه صحابی شمار نهیں ھوگا۔

لیکن عبدالله ابن أم مکتوم اگرچه نابینا تھے، مگر مذکوره دونوں شرائط رکھتے تھے ، اس لیے که صحابی ھونے کا شرط آپ صلی الله علیه وسلم کے چھرے کا دیدار نهیں ، بلکه آپ سے ملاقات کا ھے۔

ملاقات: یعنی حضور صلی الله علیه وسلم کے محضر میں حاضری ، اس لیے ملاقات اور دیدار میں فرق ھے، علماء نے دیدار کی نهیں ، بلکه ملاقات کی شرط رکھی ھے۔

مثال کے طور پر اویس قرنی اگرچه نبی صلی الله علیه وسلم کے زمانے میں آپ پر ایمان لائے، اور اسلام پرھی فوت ھوئے ، لیکن چونکه وه پیارے نبی کریم صلی الله علیه وسلم سے ملاقات میں کامیاب نهیں ھوئے، اس لیے وه صحابی نهیں کهلائے۔

## سوره عبس کا عمومی خلاصه :

اگر هم سوره عَبَسَ کے مشتملات پر مجموعی طورپر نظر ڈالیں ، تو هم دیکھیں گے اس سورت کا خلاصه پانچ بنیادی عنوانات میں کیا گیاھے ۔

1 - خدا تعالی کا سرزنش کرنا توجه دلانا ایسے بندے کو جس نے حق کے متلاشی نا بینا شخص سے مناسب رویه نهیں رکھا۔
2 - قرآن کریم کا مرتبه ومقام ۔
3 - انسان کی طرف سے الله تعالی کی نعمتوں کی نا شکری ۔
4 - خدا تعالی کی بعض نعمتوں کا اظهار ۔
5 - یامت ، مؤمنوں اور کافروں کا انجام ۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

# سورة عبس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓيۙ ۝۱ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰىؕ ۝۲ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓيۙ ۝۳ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ
الذِّكْرٰىؕ ۝۴ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰىۙ ۝۵ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰىؕ ۝۶ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰىؕ ۝۷
وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰىۙ ۝۸ وَهُوَيَخْشٰىۙ ۝۹ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰىۚ ۝۱۰ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌۚ ۝۱۱
فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗۘ ۝۱۲ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍۙ ۝۱۳ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍۭ ۝۱۴ بِاَيْدِيْ
سَفَرَةٍۙ ۝۱۵ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍؕ ۝۱۶ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗؕ ۝۱۷ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗؕ ۝۱۸ مِنْ
نُّطْفَةٍؕ ۝ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗۙ ۝۱۹ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗۙ ۝۲۰ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗۙ ۝۲۱ ثُمَّ اِذَا شَآءَ
اَنْشَرَهٗؕ ۝۲۲ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗؕ ۝۲۳ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤۙ ۝۲۴ اَنَّا صَبَبْنَا
الْمَآءَ صَبًّاۙ ۝۲۵ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّاۙ ۝۲۶ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّاۙ ۝۲۷ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًاۙ ۝۲۸
وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًاۙ ۝۲۹ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًاۙ ۝۳۰ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّاۙ ۝۳۱ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْؕ ۝۳۲
فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُؗ ۝۳۳ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِۙ ۝۳۴ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِۙ ۝۳۵ وَصَاحِبَتِهٖ
وَبَنِيْهِؕ ۝۳۶ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِؕ ۝۳۷ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌۙ ۝۳۸ ضَاحِكَةٌ
مُّسْتَبْشِرَةٌۚ ۝۳۹ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌۙ ۝۴۰ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌؕ ۝۴۱ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ
الْفَجَرَةُ ۝۴۲

## سورت کا لفظی ترجمہ

| | |
|---|---|
| بسم الله الرحمن الرحيم | شروع الله کا نام لے کر جو بڑا مهربان نهایت رحم والاھے |
| عَبَسَ وَتَوَلّٰٓيۙ ۝۱ | (محمد صلی الله علیه وسلم) ترش رو هوئے اور منه پھیربیٹھے (۱) |
| اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰىؕ ۝۲ | جب آیا ان کے پاس ایک نا بینا (2) |
| وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓيۙ ۝۳ | اور تم کو کیا خبرشاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا (3) |
| اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰىؕ ۝۴ | یا سوچتا تو سمجھانا اسے فائده دیتا (3) |
| اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰىۙ ۝۵ | جو پروا نهیں کرتا (۴) |
| فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰىؕ ۝۶ | اس کی طرف تو تم توجه کرتے هو(۵) |
| وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰىؕ ۝۷ | حالانکه وه نه سنورے تو تم پر کچھ (الزام ) نهیں (۶) |
| وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰىۙ ۝۸ | اورجو تمهارے پاس دوڑتا هوا آیا (۷) |
| وَهُوَيَخْشٰىۙ ۝۹ | اور (خدا سے) ڈر تاھے (۸) |
| فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰىۚ ۝۱۰ | اس سے تم بے رخی کرتے هو (۹) |

(c) ketabton.com: The Digital Library

| | |
|---|---|
| كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۱۱ | دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ھے (۱۰) |
| فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۱۲ | پس جو چاھے اسے یاد رکھے (۱۱) |
| فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۱۳ | قابل ادب ورقوں میں(لکھا ھوا) (۱۲) |
| مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۱۴ | جو بلندمقام پررکھے ھوئے (اور) پاک ھیں (۱۳) |
| بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۱۵ | لکھنے والوں کے ھاتھوں میں (۱۴) |
| كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۱۶ | جو سردار اورنیکو کارھیں (۱۵) |
| قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۱۷ | انسان ھلاک ھوجائے کیسا ناشکرا ھے (۱۶) |
| مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۱۸ | اسے (خدا نے) کس چیزسے بنایا (۱۷) |
| مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۱۹ | نطفے سے بنایا ، پھر اس کا اندازہ مقرر کیا (۱۸) |
| ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۲۰ | پھر اس کے لیے رستہ آسان کردیا (۱۹) |
| ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۲۱ | پھر اسکوموت دی، پھر قبرمیں دفن کرایا (۲۰) |
| ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۲۲ | پھر جب چاھے گا اسے اُٹھا کھڑا کرے گا (۲۱) |
| كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۲۳ | کچھ شک نھیں کہ خدانے اسے جو حکم دیا اس نے اس پر عمل نہ کیا (۲۲) |
| فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖ ۲۴ | توانسان کو چاھیئے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرے (۲۳) |
| اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۲۵ | بیشک ھم ھی نے پانی برسایا (۲۴) |
| ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۲۶ | پھر ھم ھی نے زمین کو چیرا پھاڑا (۲۵) |
| فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۲۷ | پھرھم ھی نے اس میں اناج اُ گایا (۲۶) |
| وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۲۸ | اور انگور اور ترکاری (۲۷) |
| وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۲۹ | اور زیتون اورکھجوریں (۲۸) |
| وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۳۰ | اور گھنے گھنے باغ (۳۰) |
| وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۳۱ | اور میوے اور چارا (۳۱) |
| مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۳۲ | (یہ سب کچھ) تمھارے اور تمھارےچارپایوں کیلئے بنایا (۳۲) |
| فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۳۳ | تو جب (قیامت کا)غُل مچے گا (۳۳) |
| يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۳۴ | اس دن بھائی اپنے بھائی سے دور بھاگے گا (۳۴) |
| وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۳۵ | اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (۳۵) |

(c) ketabton.com: The Digital Library

| | |
|---|---|
| وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ۝٣٦ | اور اپنی بیوی اور بیٹوں سے (۳۶) |
| لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ۝٣٧ | ھرشخص اس روز ایک فکر میں ھوگا، جو اسے بے پروا کردے گا (۳۷) |
| وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ۝٣٨ | اور کتنے چہرے اس روز چمک رھے ھوں گے (۳۸) |
| ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ۝٣٩ | خندان وشادان (یه مؤمنانِ نیکوکارھیں) (۳۹) |
| وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ۝٤٠ | اورکتنے چہرے ھونگے جن پر گرَد پڑرھی ھوگی (۴۰) |
| تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ۝٤١ | (اور) سیاھی چڑھ رھی ھوگی (۴۱) |
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ۝٤٢ | یه کفّار بدکردار ھیں (۴۲) |

## تفسیر سورة عبس

### محترم قارئین:

مبارک آیات (1 تا 10) اسلام جیسے مقدس دین میں مساوات اور برابری کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| بسم الله الرحمن الرحيم | شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مهربان نهایت رحم والاھے |
| عَبَسَ وَتَوَلّٰٓي۝١ | (محمد صلی الله علیه وسلم) ترش رو ھوئے اور منه پھیربیٹھے (۱) |

**یعنی:** پیغمبر صلی الله علیه وسلم نے کفار کے بعض بزرگوں کو دعوت دینے میں مصروف ہونے کی وجہ سے چہرہ پھیر لیا، یعنی: منہ موڑ لیا اور نابینا کے سوال پر متوجہ نہیں ہوئے، اگرچہ ان لوگوں کی غیر موجودگی میں اس کے ساتھ نرمی اور محبت کے ساتھ مخاطب ہوئے۔

| | |
|---|---|
| اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى۝٢ | جب آیا ان کے پاس ایک نا بینا (۲) |

احمد بن محمد الصّاوی المالکی الخلوتی مؤلف حاشیه علی تفسیر جلالین فرماتے ہیں: نبی کریم صلی الله علیه وسلم سے محبت اور احترام کے اظہار کے لیے خدا تعالیٰ نے غایب کے ضمایر " عَبَسَ وَتَوَلّٰي" استعمال کیے ہیں، اس لیے سختی اور سرزنش کی جو شدت "تاء"خطاب "عَبَسْت و تولیت" میں ہے وہ ناقابل انکار ہے، نابینا شخص کا نام "عبدالله ابن ام مکتوم" تھا،سرزنش کرنے والی آیات کے نزول کے بعد جب بھی آپؐ کے پاس آتے تو نبی صلی الله علیه وسلم فرماتے: "خوش آمدید اس کے لیے جس کی وجہ سے رب نے مجھے سرزنش کی ، اور اپنی چادر بچھا دیتے تاکہ وہ بیٹھ جائیں ،(تفسیر صفوة التفاسیر)۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

"اَعْمٰی" عَمیٰ کے مادے سے ہے، اور عَمیٰ: یعنی: بَصَر اور بصیرت کا فقدان، آنکھوں کی بینائی یا دل کی آنکھ کے ختم ہونے کے لیے استعمال ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّيٰٓ ۝۳ | اور تم کو کیا خبرشاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا (۳) |

"لَعَلَّهٗ يَزَّكّيٰٓ"شاید اس کا دل گناہوں سے پاک ہوکر سج جائے، "يَزَّكّيٰٓ": ایسے نیک عمل کرے جو گناہوں کو دھو ڈالیں۔
علامه عبد الرحمن سعدی عصر حاضر کے مفسرین میں سے هیں فرماتے هیں: "ان آیات کریمہ کا سبب نزول یه هے که: مؤمنوں میں سے ایک نابینا آدمی پیغمبر صلی الله علیه وسلم کے پاس آیا تا که آپ سے پوچھے اور سیکھے ، اسی دوران ایک امیر آدمی بھی آیا: رسول الله صلی الله علیه وسلم لوگوں کی ہدایت اور رهنمائی کرنے میں بهت زیاده حریص تھے، اس وجه سے پیامبر صلی الله علیه وسلم امیر آدمی کے طرف متوجه هوئے اور نابینا شخص سے بے توجہی برتی، تاکه اس امیر وسرمایه دار آدمی کی رهنمائی کریں، آپ صلی الله علیه وسلم امیر شخص کی هدایت پانے اور پاکیزه هونے میں زیاده دلچسپی رکھی ۔
پھر رب تعالٰی نے پیغمبر اسلام نبی علیه السلام کو نرمی کےساتھ متوجہ کیا یا سرزنش کی اور فرمایا: " عَبَسَ وَ تولی" فقیر سے منه موڑا اور اپنا رُخ اس امیر آدمی کی طرف کردیا، پھر آپ ﷺ کی توجه کے سبب بیان فرمایا: "ومایدریک لعلّه یزکّی" ( تجھے کیا معلوم ؟ شاید یه نابینا برے اخلاق سے پاک هوجائے ، اور اچھے اخلاق سے آراسته هوجائے، "أویذَّکَّرُ فتَنفعه الذکری" یا یه که جو کچھ اس کو فائده پهنچاتاهے اسے قبول کرلے، اور اس نصیحت سے فائده اٹھالے، یه بهت بڑا فائده هے، پیغمبروں کی بعثت اور واعظین کے وعظ اور نصیحت کرنے والوں کی نصیحت کا یهی مقصد هے ۔
پھر آپ ﷺ کی توجه اس شخص کی طرف زیاده مناسب اور ضروری هے جو آپ پاس چل کر آیاهے، خود کو آپ کا محتاج سمجھتاهے ۔
لیکن آپ کا توجہ کرنا اس امیر آدمی کی طرف جو خود کو بے نیاز سمجھتاهے نه پوچھتاهے اور نه هی خیرمیں دلچسپی رکھتاهے، اور چھوڑدینا ایسے شخص کو جو اس امیر آدمی سے زیاده مستحق هے یہ آپ کے شایان شان نهیں هے، اس لئے که اگروه امیر آدمی پاک نه هوجائے تو آپ پر کوئی گناه نهیں ، اور اس کے برے اعمال کے متعلق آپ سے نهیں پوچھا جائے گا ۔

**کسی یقینی کام کو ظنی کام کی وجه سے نهیں چھوڑا جاسکتاهے**

مفسرین کهتے هیں: یهاں ایک مشهور قاعده هے:

(c) ketabton.com: The Digital Library

"کسی معین ومعلوم چیز کو بے بنیاد اورخیالی چیز کی وجه سے ترک نهیں کیا جاسکتا" یقینی اور ادراک شده مصلحت کو فرضی مصلحت کی بنیاد پرترک نهیں کرنا چاهیے، وه طالب علم جو تعلیم میں دلچسپی رکھتاهے ، اور جس کو علم کی ضرورت هےاس پر زیاده توجه دینی چاهیے ، به نسبت اس کے که جو ایسا نهیں هے، یه بات قابل ذکر هے که رسول اکرم صلی الله علیه وسلم کی طرف سے یه طرزعمل ترک افضل میں شمار هوتاهے .

لهذاآپ ﷺ کا یه کام نه گناه تها اور نه انبیاء علیهم السلام کی عصمت سے متصادم تها، کیونکه ان سے اس کام کے سرزد هونے کی وجه وه چیز هے جو انسانی فطرت کے تابع هے، جیسے : غصه ، رضا، هنسی، اور رونا، یعنی: ایسے امور جس پر شریعت نے مکلف نهیں بنایاہے، ابن أم مکتوم کا عذر بهی یهی تها که ان کو معلوم نهیں تها، که نبی کریم صلی الله علیه وسلم دوسروں کے ساتھ مصروف هیں،اور اس امید وخواهش کے ساتھ ان سے گفتگو کررهے هیں کہ یه اسلام قبول کرلیں .

| | |
|---|---|
| اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ؕ﴿۴﴾ | یا سوچتا تو سمجهانا اسے فائده دیتا (۴) |

مفسر تفسیر انوار القرآن اس آیت مبارکہ کے تحت لکھتے ہیں:

لهذاآپ ﷺ کا یه کام نه گناه تها اور نه انبیاء علیهم السلام کی عصمت سے متصادم تها، کیونکه ان سے اس کام کے سرزد هونے کی وجه فطری ہے، جیسے : غصه ، رضا، هنسی، اور رونا، یعنی: ایسے امور جن پر شریعت نے مکلف نهیں بنایاہے، ابن أم مکتوم کا عذر بهی یهی تها که ان کو معلوم نهیں تها، که نبی کریم صلی الله علیه وسلم دوسروں کے ساتھ مصروف هیں،اور اس امید وخواهش کے ساتھ ان سے گفتگو کررهے هیں کہ یه اسلام قبول کرلیں .

| | |
|---|---|
| اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۙ﴿۵﴾ | جو پروا نهیں کرتا (۵) |

**یعنی:** جو شخص اپنے مال اور دولت اور مقام کی وجہ سے خود کو ایمان، علم اور دین سے بے نیاز سمجھتا ہے اور کلمۂ حق اور دعوت دین اور الله کے کلام کو سننے سے خود کو لاپرواه اور اسے اپنے لیے غیر ضروری سمجھتا ہے، اور جهوٹی امیری نے اسے سرکش بنا دیا ہے، تو ان کی طرف توجہ کرتا ہے؟

| | |
|---|---|
| فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ؕ﴿۶﴾ | اس کی طرف تو تم توجه کرتے هو (۶) |

**یعنی:** آپ اس کی طرف متوجہ ہوکر اس سے بات کرتے ہیں، جب کہ وه اپنی دولت اور مالداری کے زیر اثر آپ سے بے نیازی کا اظهار کرتا ہے، اور جو کچھ آپ لے کر آئے اس سے منہ موڑ لیتا ہے.

| | |
|---|---|
| وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ؕ﴿۷﴾ | حالانکه وه نه سنورے تو تم پر کچھ (الزام) نهیں (۷) |

(c) ketabton.com: The Digital Library

اگر وہ اپنے گناہوں سے پاک نہ ہو تو تجھے کوئی نقصان نہیں کہ اس کی وجہ سے اس کی ہدایت پانے کے لیے زیادہ کوشش میں ہو۔

| | |
|---|---|
| وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰىۙ۝۸ | اورجو تمھارے پاس دوڑتا ھوا آیا (۸) |

"يَسْعٰى " یعنی: خیر کی طلب علم اور رہنمائی کی تلاش میں تمہاری طرف دوڑتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَهُوَيَخْشٰىۙ۝۹ | اور (خدا سے) ڈر تاھے (۹) |

**یعنی:** وہ اللہ کے عذاب اور اس کی سزا سے ڈرتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ڈر ہی آپ سے سوال کرنے کا سبب بنا تاکہ حلال کو جان لے اور اس پر عمل کرے، اور حرام کو پہچان کر اس سے بچے، جی ہاں! اللہ کے ڈر کے ساتھ نجات مل سکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰىۚ۝۱۰ | اس سے تم بے رخی کرتے هو (10) |

ابن کثیر کہتے ہیں کہ: اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو حکم دیا ہے کہ تبلیغ اور تحذیر کے کام میں کسی کو خاص نہ بنائیں، بلکہ برتر اور کمتر، فقیر اور مالدار، آقا اور غلام، مرد اور عورت، چھوٹے اور بڑے سب کو حق کا پیغام پہنچانے میں برابر رکھیں۔

**محترم قارئین !**

آیات مبارکہ(11 تا 23)میں ان موضوعات کے بارے میں بحث کی گئی ہے، کہ (1) یہ قرآن ہدایت ہے، (2) خدا کی نعمتوں کی ناشکری، (3) مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا۔

| | |
|---|---|
| كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ۝۱۱ | دیکھو یه (قرآن) نصیحت هے (۱۱) |

رب تعالی فرماتے ہیں: بے شک یه وعظ ونصیحت الله کی طرف سے هے ، اور اس لیے هے که انسانوں کو نصیحت حاصل هو، اور یہ وہ چیزهے جس کی بندوں کی ضرورت هے، پھر جب یه واضح هوگیا تو فرمایا: "فمن شاء ذكره" جو شخص چاهے اس پر عمل کرے .

جیساکه رب تعالی نے ایک اورجگہ فرمایاہے: "وَقُلِ الحَقُّ مِن رَّبّكُم فَمَن شَآءَ فَليومِن وَمَن شَآءَ فَليكفُر" اور کهدو که حق تمهارے رب کی طرف سے هے، توجوچاهے ایمان لائے اورجو چاهے کافررهے".

پھر اس نصیحت کی اہمیت، مقام ومرتبه کو بیان کر کے فرمایا:

| | |
|---|---|
| فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ۝۱۲ | پس جو چاهے اسے یاد رکھے (۱۲) |

جو شخص پسند کرتا ہے کہ قرآن کریم کی نصیحتوں سے فائدہ اٹھائے تو ایسا عمل کرے، یعنی: خود کو وحی کے ذریعےمہذب بنائے، اپنے رویے اور عمل کو دین کے ساتھ مضبوط بنائے، اور عمل صالح کے ساتھ نفع بخش علم سے استفادہ کرے۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

| | |
|---|---|
| فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ﴿۱۳﴾ | قابل ادب ورقوں میں(لکھا ھوا) (۱۳) |

مقدّس اور پاک صحیفے جو اونچے مقام ومرتبه والے اورهرقسم کی آفت اور شیطان کی دست رس سے دور هیں ، بلکه یه صحیفے : "بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ " لکھنے والوں کے هاتوں میں ہیں یہ وہ فرشتے ہیں جو اللہ اور بنددں کے درمیان سفیر ہیں۔

| | |
|---|---|
| مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۙ﴿۱۴﴾ | جو بلندمقام پررکھے ہوئے (اور) پاک هیں (۱۴) |

"تفہیم القرآن" کے مفسر لکھتے ہیں: یعنی: ہر قسم کی آمیزشوں سے پاک ہے، ان میں خالص حق کی تعلیم پیش کی گئی ہے، کسی بھی نوعیت کے باطل اور فاسد افکار ونظریات ان میں راہ نہیں پاسکتے ، جن آلودگیوں سے دنیا کی دوسری مذہبی کتابیں آلودہ کردی گئی ہیں، ان کا کوئی ادنی سا شائبہ بھی ان کے اندر داخل نہیں ہوسکا ہے، انسانی تخیلات ہوں، یا شیطانی وساوس، ان سب سے یہ پاک رکھے گئے ہیں۔
"مُّطَهَّرَةٍ": مُّطَهَّر :طُہر اور طہارت کے مادے سے ہے، یہ جسم کی پاکیزگی ہوسکتی ہے، اور روح و نفس کی پاکیزگی بھی۔
"مَّرْفُوْعَةٍ" آسمان میں بلند اور اونچا۔

| | |
|---|---|
| بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ﴿۱۵﴾ | (ایسے) لکھنے والے کے هاتھوں میں (۱۵) |

"سَفَرَةٍ"(سفیر: لکھنے والے) سفرہ: وہ فرشتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے انبیاء کے درمیان وحی پہنچانے کا کام انجام دیتے ہیں، یہ سفارت کے مادے سے لیا گیا ہے جو لوگوں میں اصلاح لانے کے لیے رفت و آمد کرے۔
مفسرین حضرات اس لفظ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:
1 - اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حفاظ قرآن۔
2 - وہ فرشتے اور ملائک جو انسانوں کے لیے خدا کے سفیر ہیں، وہ فرشتے جو اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار اور مطیع ہیں، جنہوں نے اس قرآن کو لوح محفوظ میں درج کر رکھا ہے، فرشتوں کی ان صفات میں ہر وہ شخص شامل ہے جو مؤمن، نرم دل، پاکیزہ نیت والا، حافظ اور اللہ کی کتاب پر عمل کرنے والا ہو، وہ مؤمن جو قرآن کو ہاتھ میں لے کر اس کی تلاوت کرتا ہے۔
صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (مَثَلُ الَّذِى يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَهْوَ حَافِظٌ لَهُ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ)
ترجمہ:"جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس کا حافظ بھی ہو، وہ معزز اور نیک سفراء (فرشتوں) کے ساتھ ہوگا۔"

| | |
|---|---|
| كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ | جو سردار اورنیکو کارهیں (۱۶) |

اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اپنے رب کی بارگاہ میں بزرگ اور معزز ہیں،(لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ۶﴿﴾ ) جنہیں جو حکم اللہ تعالیٰ

(c) ketabton.com: The Digital Library

دیتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے، اور جو حکم دیا جائے بجالاتے ہیں، وہ گناہوں کی گندگی سے محفوظ ہیں اور عیبوں کے اثر سے آزاد ہیں۔

| | |
|---|---|
| قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿١٧﴾ | انسان ہلاک ہوجائے کیسا ناشکرا ھے (۱۷) |

(قُتِلَ الْإِنْسَانُ) " کافر آدمی پر لعنت" (مَآ اَكْفَرَهٗ) کیسا ناشکر انسان ہے، کتنا بے ایمان کافر ہے۔

اللہ تعالیٰ کافر پرلعنت کرے اس کا کفر کتنا شدید اور اس کا انکار کتنا بڑا ہے، احسان فراموش ہے، اور رحمت والے رب کی نافرمانی کرتا ہے، شیطان کی اطاعت کرکے قرآن کو جھٹلاتا ہے۔

## شان نزول آیت 17:

ابن منذر عکرمہ سے نقل کرکے فرماتے ہیں: جب ابولہب کے بیٹے "عتبہ" نے کہا: "کفرت برب النجم"میں ستاروں کے رب پر یقین نہیں رکھتا، یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی۔

| | |
|---|---|
| مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿١٨﴾ | اسے (خدا نے) کس چیزسے بنایا (۱۸) |

کہ اس طرح تکبر کرکے انکار کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مِنْ نُّطْفَةٍ ۭ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿١٩﴾ | نطفے سے بنایا ، پھر اس کا اندازہ مقرر کیا(۱۹) |

یعنی اس نے اسے ہزاروں نطفوں میں سے کم حیثیت والے پانی سے پیدا کیا، کہ اللہ نے اسے حکم دیا ہے، لہٰذا اس کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ تکبر کرے؟ "فَقَدَّرَهٗ" اس کے لیے ایک اندازہ مقرر کردیا۔

ابن کثیر فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے اس کی موت اور عمل کا وقت متعین کر لیا ہے، اور یہ طے کرلیا ہے کہ وہ نیک بخت ہے یا بد بخت۔ (مختصر:600/3)

مفسرین اپنی تفاسیر میں اس آیت کے متعلق لکھتے ہیں:

1- اللہ تعالیٰ نے انسان کو مرد کے تناسل کی نالی اور عورت کے رحم میں ایک حقیر نطفے سے پیدا کیا ہے، پہلے نطفہ سے اور پھر علقہ اور خون کے لوتھڑے سے اور پھر گوشت کے ایک ٹکڑے سے تو تم کیوں تکبر کرتے ہو؟

2- اے انسان تو تو ایک حقیر نطفہ تھا، پھر اللہ نے تیرے جسم کے تمام اعضاء بنائے، اور تجھے خوبصورت اور مکمل بنایا تو کیوں غرور کرتا ہے؟

3- اللہ تعالیٰ نے تجھے کھڑے ہونے کی طاقت دی ہے اورتجھے کامل اور نعمتوں سے بھرا ہوا پیدا کیا ہے توتم کیوں تکبر کرتے ہو؟

4- اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایک حقیر نطفے سے اور کئی مراحل میں پیدا کیا ہے، سب سے پہلے نطفہ، پھر علقہ، اس کے بعد مضغہ،تو کیا جس کی حالت ایسی ہو اس کے لیے مناسب ہے کہ اللہ کا انکار کرکے متکبر بن جائے،

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور رب سے خود کو بے نیاز سمجھے؟ انسان کو چاہئیے کہ اپنی ابتداء،انتہاء اور درمیان کو دیکھے، اس کی ابتداء ایک بوسیدہ نطفہ ہے اور اس کا انجام بدبودار لاش اور ان دونوں کے درمیان نجاست ہے، تو ایسے انسان کیوں کفر کرے اور کیوں تکبر کرے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۙ۲۰ | پھر اس کے لیے رستہ آسان کردیا (۲۰) |

**یعنی:** پھر ماں کے پیٹ سے نکلنے کا راستہ، اس کے روزی کا راستہ، اس کی خوشی کا راستہ سھل اور آسان بنادیا، اگر اللہ تعالیٰ ماں کے پیٹ سے نکلنے کا راستہ آسان نہ بناتا تو کیسے پیدا ہوتا؟

حسن بصری ؒ فرماتے ہیں: وہ آدمی جو تناسل کی نالی سے دو دفعہ نکلا وہ کیسے تکبر کرتا ہے،(تفسیر قرطبی: 216/19)۔

لیکن جیسا کہ اس نے باہر سے وحی بھیجی ہے، اندر سے اس نے ہنراور صلاحیتیں دی ہیں تاکہ انسان قدم بہ قدم وحی پر عمل کرسکے اور اس کے مطابق زندگی گزارے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۙ۲۱ | پھر اسکوموت دی، پھر قبرمیں دفن کرایا (۲۱) |

**یعنی:** اس کے لیے عزت کے طور پر قبر مقرر کی ہے تاکہ اس میں چھپ جائے، ورنہ یہ سڑ جاتا اور بدبو پکڑتا، اور وحشی جانوروں، درندوں اور پرندوں کی خوراک بن جاتا۔

خازن نے کہا: اس طرح اس نے انسانوں کو دوسرے جانوروں پر فضیلت دی ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اِذَا شَاۗءَ اَنْشَرَهٗ ۭ۲۲ | پھر جب چاھے گا اسے اُٹھا کھڑا کرے گا (۲۲) |

**یعنی:** مرنے کے بعد اسے حشر اور جزا و سزا اور حساب کتاب کے لیے زندہ کرے گا، (تفسیر خازن:210/4)

"اِذَا شَاۗءَ" جب اللہ تعالیٰ چاہے گا اور حکم کرے گا یہ وقت اور زمانہ ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۭ۲۳ | کچھ شک نہیں کہ خدانے اسے جو حکم دیا اس نے اس پر عمل نہ کیا (۲۳) |

اس کافر کو اپنے غرور اور تکبر سے باز آنا چاہیے، کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ فریضہ کو ادا نہیں کیا اور وہ عبادات ادا نہیں کیں جو اللہ نے اس پر فرض کی ہیں۔

علامہ ابن کثیر ؒ نے " كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ" کو "ثُمَّ اِذَا شَاۗءَ اَنْشَرَهٗ" سے متعلق رکھا ہے، یعنی جب چاہے گا زندہ کرکے اٹھائے گا، اور کسی کو بولنے کی جرأت اور گنجائش نہیں ہے، ابھی ایسا نہیں کیا جاسکتا کیونکہ دنیا کی آبادی

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے متعلق اس کا جو حکم کونی و قدری ہے وہ ابھی تک اس نے ختم نہیں کیا، "تفسیر کابلی".

(آیات مبارکہ : 24 تا 42) میں: الہٰی نعمتیں جن کی انسانوں کو ضرورت اور احتیاج ہے، اور قیامت کے دن کا خوف اور ڈر زیر بحث آیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۲۴ | توانسان کو چاهیئے که اپنے کھانے کی طرف نظر کرے (۲۴) |

اس مبارک آیت میں کھانے کی طرف توجه کرنے کی ضرورت کا ذکر کیاگیاهے، بلا شبه آیت کا ظاهری مفهوم وه جسمانی غذائیں هیں جن کی طرف آنے والی آیات میں اشاره کیاگیاہے، لیکن روح کی غذا کے لیے بھی ان آیات سے دلیل لی جاسکتی هے .

دوسرے الفاظ میں : جیسا که انسان مرکب هے روح اور جسم سے ، جس طرح جسم کو مادی غذا کی ضرورت هے اسی طرح روح کو بھی روحانی غذاکی ضرورت هے۔

مفسرین کرام اپنی تفسیروں میں لکھتے هیں که اس آیت کا معنی و مفهوم عام ہے۔

انسان کو چاہیے کہ اس خوراک کو دیکھے جو اس کی زندگی کا سرچشمہ ہے، کہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور تدبیر سے کیسے کامل ہوا ہے، شاید پھر یہ اللہ کو یاد کرے اور اللہ کا شکر اد کرے۔

| | |
|---|---|
| اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۲۵ | بیشک هم هی نے پانی برسایا (۲۵) |

**یعنی:** اپنی قدرت سے ہم نے شاندار طریقے سے بادلوں سے پانی برسایا، اس میں برکتیں، نشوونما اور زندگی ہے، انسانوں، حیوانوں اور پودوں کو زندگی فراہم کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۲۶ | پھر هم هی نے زمین کو چیرا پھاڑا (۲۶) |

اس کے بعد ہم نے زمین کی مٹی کو اس کے سائز کے مطابق پودے اُگا کر، بغیر کسی زیادتی یا کمی کے، بلکہ حکمت کے ساتھ ہم نے اس کو پھاڑا تاکہ پودے کی کونپل اس سے نکل آئے، اس لیے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے پھلوں کی اقسام میں سے آٹھ پھلوں کا ذکر کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۲۷ | پھرهم هی نے اس میں اناج اُ گایا (۲۷) |

**یعنی:** نتیجے کے طور پر ہم نے زمین سے گندم، جو اور جوارکی فصل نکالی، تاکہ متعدد اقسام اور مختلف ذائقوں کے ساتھ انسانوں اور حیوانوں کی خوراک بنیں۔

| | |
|---|---|
| وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۲۸ | اور انگور اور ترکاری (۲۸) |
| وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۲۹ | اور زیتون اورکھجوریں (۲۹) |

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللہ تعالیٰ نے یہاں تین پھل: انگور، زیتون اور کھجور کا ذکر فرمایا، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ ان پھلوں کی خصوصیات اور فوائد بہت زیادہ ہیں اور پھلوں کے بادشاہ کے طور پر معروف و مشہور ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا۟ۙ۳۰ | اور گھنے گھنے باغ (۳۰) |

نخل: غَلب: کھجور کا اصلی درخت، یہ مضبوط اور موٹا ہوتا ہے جو کہ بہت زیادہ ثمر آور اور کھجور کے باغات میں بڑی تعداد میں ہوتاہے۔

| | |
|---|---|
| وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا۟ۙ۳۱ | اور میوے اور چارا (۳۱) |

"فَاكِهَةً": ہر وہ چیز ہے جس کا پھل لوگ کھاتے ہیں، اسے عمومی طور پر ذکر کیا تاکہ اس کی تمام اقسام شامل ہوں۔
مفسر قرطبی فرماتے ہیں: "ابّ" ایسی گھاس کو کہتے ہیں جسے جانور کھاتے ہیں، (قرطبی:220/19)۔

| | |
|---|---|
| مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ۳۲ | (یہ سب کچھ) تمھارے اور تمھارےچارپایوں کیلئے بنایا (۳۲) |

ابن کثیر فرماتے ہیں: یہ آیات بندوں کے احسان جھٹلانے پر دلالت کرتی ہیں، اور مردہ نباتات
کے اگنے کا ذکر کرتے ہوئے یہ استدلال کرتا ہے کہ وہ بوسیدہ ہڈیوں اور ٹوٹے ہوئے اعضاء بن جانے کے بعد دوبارہ اس طرح زندہ کئے جائیں گے۔(مختصر 601/3)

| | |
|---|---|
| فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ۳۳ | تو جب (قیامت کا) غُل مچے گا (۳۳) |

الصَّآخَّةُ: ایک زور دار چیخ ہے، کانوں کے پردے پھاڑنے والی نفخہ ثانیہ ہوگا جس دن اسرافیل کی خوفناک آواز کانوں کو بہرا کردے گی، اور دلوں میں خوف و ہراس بٹھائے گی، "صخ" ایک لوہے کو دوسرے لوہے پر مارنا، یا لاٹھی کا دوسری لاٹھی پر مارنا کہ جس سے کان پھاڑنے والی آواز پیدا ہوجائے۔
بیان فرمایا: دوسری دنیا میں قیامت اور بنی نوع انسان کے انجام کی وضاحت کی اور فرمایا: (فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ) شاید قیامت کو "صَّآخَّہ" کہنا اس بات کی دلیل ہوکہ نفخہ ثانیہ اتنی شدید اور سخت ہوگی کہ کانوں کو پھاڑ دے گی اور بہت سارے لوگ بہرے ہوجائیں گےاس کے بعد رب تعالیٰ فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِۙ۳۴ | اس دن بھائی اپنے بھائی سے دور بھاگے گا (۳۴) |

جس دن انسان اپنے بھائی سے قربت، شفقت اور رشتہ داری کے باوجود دور بھاگے گا، اس کا مطلب یہ ہے کہ بھائی چارہ اور فائدہ نفع کچھ بھی نہیں ہے کیونکہ حالات سب کچھ سے بڑھ کر ہے، قیامت بھاگنے کا دن ہے بھائی کا بھائی سے فرار، اولاد کا ماں باپ سے بھاگنا، شوہر بیوی سے اور باپ بیٹے سے۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

| | |
|---|---|
| وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِۙ۝۳۵ | اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (۳۵) |

**یعنی**:روزِ قیامت محشر کے میدان میں حساب کتاب کے لیے کھڑے رہنا اس قدر ہولناک اور شدید ہوگا کہ انسان اپنے والدین سے بھاگے گا اور انہیں اپنی نیکیاں نہیں دیگا، جی ہاں! بعض ایسے امور نے اسے والدین سے مصروف کردیا ہوگا کہ جس نے اس کی عقل چرا لی ہوگی، اس کے خیالات کو خوف زده کردیا ہوگا، اور انکھوں کو بے حس کردیا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِؕ۝۳۶ | اور اپنی بیوی اور بیٹوں سے (۳۶) |

کیونکہ حد سے زیادہ ڈر اور اس دن کی ہولناکی اور وحشت نے اسے دہشت زده کردیا ہوگا، اپنے بچوں کے ساتھ بے پناه شفقت و مہربانی رکھنے کے باوجود بھی ان سے بھاگے گا، جی ہاں! ایک دوسرے کے ساتھ میل ملاپ اور رحجان ختم ہوجائیں گے، باہم ربط و روابط ٹوٹ چکےہوں گے اور رشتہ داریاں ختم ہوچکی ہوں گی، ان کے فرار کا سبب زیادہ ڈر اور خوف، قیامت کاشورش اور ہولناکی کے سوا کچھ نہیں، جیسا کہ حدیث مبارکہ میں آیا ہے: (تحشرون حفاة عراة مشاة غرلا، قال: فقالت زوجته: یا رسول‌الله، ننظر أو يري بعضنا عورة بعض؟ قال: لكل امريء منهم يومئذ شأن يغنيه) ترجمہ: "قیامت کے دن لوگ اٹھائےجائیں گےننگے پاؤں، ننگے بدن، بن ختنہ کئے ہوئے"

آپ صلی الله علیہ وسلم کی زوجہ نے پوچھا: اے الله کے رسول! کیا ہم ایک دوسرے کے سترکو دیکھیں گے؟ آپ صلی الله علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں ہر ایک کی ایسی حالت ہوگی کہ اسے دوسرے سے بے پروا کرے گی اس دن ہر کوئی ایسے ڈر، خوف، اور پریشانی میں مبتلا ہوگا کہ کوئی بھی اس کام کی طرف دھیان نہیں دے گا۔

| | |
|---|---|
| لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَىٕذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِؕ۝۳۷ | ہرشخص اس روز ایک فکر میں ھوگا، جو اسے بے پروا کردے گا (۳۷) |

اس دن ہر ایک کی مشکل صورتحال ہوگی جس نے اس کے دل کو مصروف اور عقل کوزائل کردیا ہوگا، اس انداز سے کہ اپنے دوستوں کو بھول کر اپنے یاروں سے غافل ہوگا، اور اپنی رشتہ داریاں اور روابط چھوڑ کر خود میں مصروف ہوگا، قیامت کے دن قرابت داری ختم ہوگی اور دوسروں کی طرف دیکھنے کی فرصت نہیں ہوگی۔

علماء اور مفسرین نے لوگوں کے ایک دوسرے سے بھاگنے اور ڈر کی دلیل کے طور پر درج زیل تشریح کی ہے:

1- ایک شخص کو یہ خوف لاحق ہوگا کہ اس کی نیکیاں نہ چھین لی جائیں، اس لیے ممکن ہے کہ دنیا میں کسی کا حق اس پر باقی ہو۔

2- ہر کوئی ذات میں مشغول ہوگا، اور اپنے بارے میں سوچتا ہوگا، حتی کہ انبیاء اور سب کہیں گے: نفسی، نفسی۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

3 - ہر کوئی دوسرے سے نیکی مانگے گا۔
4 - وہ بھاگے گا تاکہ دوسروں کے تقاضوں کا سامنا نہ کرنا پڑے، وہ بھاگے گا تاکہ دوسرے اس کو رسوا ہوتا ہوا نہ دیکھیں۔
5 - وہ بھاگے گا تاکہ اپنے کام مکمل کرے، اور اس کا فیصلہ جلد از جلد واضح ہوجائے۔

| | |
|---|---|
| وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ مُّسْفِرَةٌ ۳۸ | اور کتنے چہرے اس روز چمک رہے ہوں گے (۳۸) |

"مُسْفِرَةٌ" "روشن اور چمکدار" ایسا چہرہ کہ دلی خوشی اس کی چمک سے عیاں ہوں، اس دن مؤمنوں کے چہرے ایسے ہوں گے، چمکتے دمکتے، خوشخبری ملنے پر یہ چمک ہوگی، خوشی حاصل ہونے پر اس کو یہ روشنی ملی ہوگی، سرور سے درخشاں ، اس کو نور اور روشنی نے احاطہ کیا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۳۹ | خندان وشادان (یہ مؤمنانِ نیکوکارهیں) (۳۹) |

یعنی وہ خدا کی نعمتوں اور کرم کو دیکھ کر بہت خوش اور سرور ہونگےاور ان دائمی اور ہمیشگی والی
نعمتوں کے حاصل ہونے پر خوشحال ہوں گے۔
"مُسْتَبْشِرَةٌ" اس خوشی کی خبر سننے کے بعد گال اور کھل جائیں گے، نہیں بھولنا چاہیے کہ: قیامت کے دن ہنسنا اور خوش ہونا یہ روشن مستقبل کی بشارت ملنے کی وجہ سے ہے، اس دنیا میں گناہوں سے آلودہ ہونا قیامت کے دن چہرے کو آلودہ کرنے کا سبب بنے گا۔

| | |
|---|---|
| وَوُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۴۰ | اورکتنے چہرے ھونگے جن پر گرَد پڑرھی ھوگی (۴۰) |

**یعنی:** بہت سے چہرے اور بھی ہوں گے جو اداسی، ندامت، غم، پشیمانی، اور جرم کی دھول سے ڈھکے ہوئے ہوں گے، اور وہ لکڑیوں کی طرح آدھے جلے ہوئے ، اس لیے کہ وہ دیکھ لیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے سخت عذاب ان کے لیے تیار کیا ہے، رب کا عطا کیا ہوا انسانی چہرہ گناہ کی وجہ سے سیاہ ہوجاتا ہے اور بُرےنقاب سے ڈھانپ لیا جاتا ہے۔
"غَبَرَةٌ" اس پر غبار لگا ہوا ہوگا، رنجیدہ خاطر اور غمزدہ۔

| | |
|---|---|
| تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۴۱ | (اور) سیاهی چڑھ رهی هوگی (۴۱) |

**یعنی:** گناہوں کا اندھیرا، غلطیوں کی سیاہی اور معاصی کی تاریکیوں نے ان کے چہروں کو ڈھانپ لیا ہوگا، کیونکہ انہوں نے عذاب اور سزا دیکھی ہوگی۔
مفسر نسفی لکھتے ہیں: تو اس سے زیادہ خوفناک حالت نہیں دیکھو گے کہ ایک چہرہ میں غبار اور کالا پن اکٹھا ہو۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ آیات قیامت کے دن لوگوں کو دو گروہوں میں تقسیم کرتی ہیں: (1)اہل سعادت،(2)اور اہل شقاوت: دو گروہ اپنی علامت اور چہروں سے پہچانے جائیں گے، چونکہ انسان کا چہرہ اس کی سیرت کا آئینہ ہے، اس کا اندرونی غم اور خوشی اس کے چہرے سے ظاہر ہوتی ہے، یہ سورت دنیا میں حق سے منہ پھیرنے سے شروع ہوتی ہے، اور آخرت میں چہرہ دھوئیں سے آلودہ ہونے پر ختم ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿٤٢﴾ | یہ کفّار بدکردار ھیں (۴۲) |

یہ وہی کفار ہیں جو دنیا میں کفر اور گناہوں میں زندگی گذارتےرہے، اور اسی حالت پر فوت ہوئے ، یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے ایمان کو کفر کے پردے سے ڈھانپا ہے، اور الله کی کتاب اور اس کے پیغمبر کو جھٹلایا اور ایسے بدکار ہیں جو معصیت اور گناہوں کے مرتکب ہوئے ہیں، اور رسالت کا انکار کرکے گمراہی کا راستہ اپنائے ہوئے ہیں،یہ وہ لوگ ہیں جن کے ایمان مختلف بیماریوں جیسے نفاق اور ریا کے ساتھ خلط ملط ہوئے، الله کی اطاعت سے دور، واجبات کو چھوڑ کر ریا، زنا، اور خون ریزی جیسے محرمات کے مرتکب ہوئے۔

مفسر صاوی فرماتے ہیں: الله تعالیٰ نے ان کے چہروں پر سیاہی کے ساتھ ساتھ گرد و غبار کا بھی اضافہ کیا ہے، کیونکہ وہ لوگ کفر کے ساتھ فساد اور تباہ کاری کے بھی ذمہ دار ہیں۔

اس طرح اس سورت کی ابتداء اور انتہا ہم آہنگ ہے۔

سورہ کا آغاز معیار اور پیمانہ کی حقیقت بیان کرتا ہے، اور سورہ کا اختتام اس معیار، کسوٹی اور پیمانے کے نتیجہ پر بحث کرتی ہے، یہ مختصر سورت ان تمام عظیم حقائق، بڑے مناظر اور اہم امور کے بارے میں کانوں تک پیغام پہنچاتی ہے، اور ان تمام امور کو واضح اور عمدگی کے ساتھ بیان کرتی ہے۔

## اس سورہ کے مخاطب کون هے؟

سورہ عَبَسَ کے متعلق صحیح حدیث موجود هے که اس سورہ کےمخاطب نبی کریم صلی الله علیه وسلم هیں۔

قاضی عیاض اور دوسرے علماء اهل سنت نے کهاهے که یه سورت کسی اور کے بارے میں نهیں بلکہ نبی کریم صلی الله علیه وسلم کے متعلق نازل هوئی هے ۔

امام ترمذی اور حاکم حضرت عایشه رضی الله عنها سے روایت کرتے ہیں:

«أنزلت: عبس وتولي» في ابن أم مكتوم الأعمي أتي رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعل يقول: يا رسول الله أرشدني، وعند رسول الله صلي الله عليه وعلي آله وسلم رجل من عظماء المشركين، فجعل رسول الله صلي الله عليه وعلي آله وسلم يعرض عنه، ويقبل علي الآخر. ويقول: تري بما أقول بأسا ففي هذا نزل. ترمذي (3331)۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

**یعنی :** ابن أم مکتوم نابینا نے آپ صلی الله علیه وسلم کی خدمت میں حاضرهوکرکها: اے رسول خدا !سیدھے راستے کے طرف میری راهنمائی کیجئے تاکه میں کامیاب هوجاؤں ، اسی دوران قریش کا ایک سردار آپ کے پاس بیٹھا هوا تها ، تو آپ صلی الله علیه وسلم نے ابن أم مکتوم سے منه موڑا اس سردار کی طرف اپنا رخ کیا، اورکها ، کیا آپ میری باتوں کی اهمیت وقوت سمجھ رهے هو؟ اس غافل آدمی نے کها؟ نهیں ، پهر الله تعالی نے یه سورت نازل فرمائی۔

عصر حاضر کے محدث عبد الرزاق مهدی نے سیوطی کی کتاب "اسباب النزول" کی تحقیق میں کها هے:که یه حدیث صحیح هے ،اسے ترمذي 3331، ابن حبان 535، حاکم 2 / 514 اور واحدي نے 845 روایت کیاهے .

حاکم کهتے هیں که: یه حدیث امام بخاري اور مسلم کی شرط پر صحیح هے۔

شیخ البانی بهی اس حدیث کو صحیح مانتےهیں: صحیح الترمذي (3331).

ابویعلی نے انس سے ایسی هی روایت نقل کی هے ، لیکن اس آدمی کا نام انهوں ابن خلف ذکر کیاهے۔

طبری نے صفحه 33624 پر قتاده اور انس سے روایت کیا هے که اس کی اسناد حسن هے، (مسند ابویعلی 5 /431 دارالمأمون للتراث دمشق)

عبدالرزاق "تفسیر قرآن" میں صفحه 3494 پر قتاده نے انس کو ذکر کئے بغیر روایت کیا هے، اس تفصیل کے ساتھ سابقه حدیث کے لیے شاهد هے ، تو متعلقه صحیح حدیث کی بنا پر (جس کے دوسری شواهد بهی هیں) معامله نبی کریم صلی الله علیه وسلم کا عبدالله بن أم مکتوم کے ساتھ سلوک اور رویہ سے متعلق ہے۔

یادر هے که : ابن أم مکتوم کا عذر بهی یهی تها که ان کو معلوم نهیں تها که رسول الله صلی الله علیه وسلم کسی اور کے ساتھ باتوں میں مصروف ہیں، اور اس امید کے ساتھ ان سے محو گفتگو هیں که وه مشرف به اسلام هوجائے۔

ابن کثیر میں ایک روایت هے: که حضرت عبد الله ابن أم مکتوم نابینا صحابی نے آپ صلی الله علیه وسلم سے تقاضا کیا که قرآن مجید کی کوئی آیت اُسے سکھادیں ، اس سوال کے جواب کا فوری اصرار کر رهے تهے، جبکہ رسول الله صلی الله علیه وسلم مکہ کے سرداروں کو تبلیغ کرنے میں مصروف تهے جن میں : عتبه بن ربیعه، ابوجهل بن هشام اور حضرت عباس بن عبد المطلب آپ صلی الله علیه وسلم کے چاچا جو که اس وقت تک مشرف به اسلام نهیں هوئے تهے شامل تهے۔

اس لیے آپ صلی الله علیه وسلم عبد الله بن أم مکتوم کے جلدی جواب لینے پر اصرار سے ناراض هوگئے، کیونکه عبد الله بن أم مکتوم پخته مسلمان تهے اور همیشه منظر میں موجود رهتےتهے، کسی دوسرے وقت میں پوچھ سکتےتهے، ان کو تأخیر سے جواب دینے میں کسی دینی خسارے اورنقصان کا ڈر نهیں تها

(c) ketabton.com: The Digital Library

، رؤسائے قریش کے برعکس که وه دین سے دور تهے ، اور محمد صلی الله علیه وسلم الله کا دین کو ان تک پهنچارهے تهے ، اور وه لوگ رسول الله صلی الله علیه وسلم کی گفتگو سن رهے تهے، اس لیے اس بات کا امکان تها که وه ایمان لاتے، اگر ان سے گفتگو منقطع هوجاتی تو ان کی دین سے محرومی واضح تهی۔

اس حالت کی بنا پر آپ صلی الله علیه وسلم نے عبد الله بن ام مکتوم کے سوال کا جواب دینے سے منہ موڑا اور اپنی ناپسندیدگی کا اظهار کیا، اورکفار قریش کے ساتھ دعوتی گفتگوجاری رکهی۔

اس مجلس کے اختتام پر سوره عبس کی یه آیات نازل هوئیں جن میں آپ صلی الله علیه وسلم کی اس طرح کے رویے میں بهتری لانے کی طرف توجہ دلائی گئی۔
کیونکه آپ صلی الله علیه وسلم کا خیال تها که جو مسلمان آداب مجلس کا لحاظ نهیں رکهتا اسے کسی قدر تنبیه کی ضرورت هے، تاکه آینده مجلس کے آداب کا خیال رکهے ، اس بنا پر آپ صلی الله علیه وسلم نے عبدالله بن ام مکتوم سے منه موڑا۔

دوسری وجه یه تهی که: ویسے تو کفروشرک سب سے بڑے گناه هیں ، عبدالله بن أم مکتوم کو دین کے فروعی احکام کی تعلیم دینے پر انهیں مقدم کرنا افضل تها۔

لیکن حق تعالی جله شأنه نے آپ صلی الله علیه وسلم کے اس خیال کی تائید نهیں فرمائی، بلکہ آپ صلی الله علیه وسلم کو متوجه کردیاکه یهاں یه بات اهم هے که جو شخص آپ سے جواب مانگنے پر مصرهے، اس کے سوال کا جواب دینے کا فائده یقینی هے ۔

جبکہ آپ کی گفتگو ایسے آدمی کے ساتھ کہ جو آپ سے بات کرنا نهیں چاهتا تو یه ایک موهوم اور غیر یقینی بات هے، ایک غیر یقینی امر کو یقینی امر پر ترجیح نهیں دینی چاهیے، عبد الله بن ام مکتوم نے جو مجلس کے آداب کے خلاف عمل کیا تها اس کا عذر قرآن کریم نے لفظ"اعمی" کے ساتھ بیان فرمایا که وه نا بینا تهے، جس کی وجه سے دیکھ نهیں سکتےتهے، که آ پ صلی الله علیه وسلم کس کام میں مصروف هیں، او ر کن لوگوں سے گفتگو فرمارهے ہیں، اس لیے وه معذور تهے نظرانداز کرنے کے مستحق نهیں تهے۔

اس سے پته چلتاهے کہ اگر کوئی معذور آدمی مجلس کے آداب کے برخلاف کوئی کام کر ے تو وه ملامت و مذمت کا مستحق نهیں هے ۔

**(عَبَسَ وَتَوَلَّى)** "**عَبَسَ**" به معني تیوری چڑها نا ، یعني چهرے پر ناگواري کا ظاهر هونا ، و "**وَتَوَلَّى**" به معنی منه موڑنے کے هے۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

یهاں حاضرکے صیغے سے مخاطب کرنے کا موقع تھا، لیکن یه قرآن کریم کا اعجاز هے که صیغه حاضر کی جگه غائب استعمال هوا، که سرزنش کےموقع پر بھی نبی کریم صلی الله علیه وسلم کےاحترام کا لحاظ رکھا گیا۔
یا اس طرح که غائب کا صیغه استعمال کرنے سے یه ابهام باقی رها که گویا یه کسی دوسرے شخص نے کیاهے، اور اس طرف اشاره کردیا که ایسا رویه آپ کے شایان شان نهیں تها، اور دوسرے جملے میں آپ صلی الله علیه وسلم کے عذر کی طرف متوجه کردیا:
(ومایدریک) آپ کو کیا معلوم تها ؟ یهاں نبی کریم صلی الله علیه وسلم کے اعراض کی وجه بیان فرمائی که آپ کومعلوم نهیں تها ، که جو کچھ یه صحابی سیکھیں گے اس کا اثر یقینی هے ، اور دوسروں کےساتھ کی جانی والی گفتگو کا اثر موهوم اور غیر یقینی هے۔
نیز بعد والے جملے میں غائب کا صیغه چھوڑ کر مخاطب کاصیغه استعمال کیا ، یه آپ صلی الله علیه وسلم کی تکریم اور تسلی کے لیے هے، اگر خطاب کے صیغے میں لفظ "کلا " کا استعمال نهیں هوتا تو یه شبه باقی رهتاکه اس رویه کی ناپسندیدگی کی وجه سے مخاطب قرار نهیں دیئے گئے، تو یه معامله آپ صلی الله علیه وسلم کے لیے تکلیف ده هوتا۔
تو اس بنا پر جیسے پهلے جملے میں غائب کے صیغے لانے میں آپ صلی الله علیه وسلم کی تکریم کو ملحوظ خاطر رکھا گیا، بالکل اسی طرح بعد والے جملے میں بهی صیغه خطاب کا لانا آپ صلی الله علیه وسلم کی تسلی اور تکریم واحترام کے واسطے هے۔
(لَعَلَّهُ یزَّکَّی، أَوْ یذَّکَّرُ فَتَنفَعَهُ الذِّکْری) یعنی آپ صلی الله علیه وسلم کو کیا معلوم تها که یه صحابی جو کچھ حاصل کریگا اس کا فائدیقینی هے ، چنانچه اسے تعلیم دینی چاهیے تاکه اس سے وه اپنے نفس کا تزکیه کرے، اور کمال حاصل کرے، اگر یه نه هوتا تو کم ازکم الله تعالی کے ذکر کےابتدائی فوائد سے مستفید هوتا، اورپھر اس کے اثر سے اس کےقلب میں محبت اور خدا تعالی کا خوف زیاده هوتا۔
لفظ " ذکری " به معنی کثرت ذکر کے هے ، قرآن کریم نےیهاں دوجملے ذکرکیے: "یَزَّکّی" اور "یَذَّکَّرُ" پهلے کا معنی پاک اور صاف هونے کا هے، اور دوسرے کا معنی نصیحت حاصل کرنے اور نصیحت سے متأثر هونے کاهے ۔
پهلا اتقیاء اور نیک لوگوں کا مقام هے، که اپنےنفس کو هرقسم کے ظاهری اورباطنی ناپاکی سے پاک وصاف رکھتے هیں، ور دوسرا مقام ابتدائی سالک کا ہے ، جو که اس راستے پر پهلی بار چل پڑاهے، مبتدی بن کر، اسے الله

(c) ketabton.com: The Digital Library

تعالی کا ذکر سکھایا جاتاھے، تاکه اس سے خدا کی عظمت اور خوف اس کے دل میں پیدا هوجائے ۔
مطلب یه هے که اس کی تعلیم یا اسے سکھا نا کسی بھی حالت میں فائده سے خالی نهیں تھا، چاھے وه کامل نفع هو، جس سے نفس کا مکمل تزکیه هوتاھے، یا ابتدائی نفع که الله تعالی کی یاد، ذکر اورخوف اس کے دل میں بڑھ جاتا، دونوں جملوں کے درمیان لفظ تردیدی "او" آیاھے،تا که ان دونوں حالتوں میں سے کوئی ایک حالت حاصل هوجائے، یهاں "مانعۃ الخلو" کی صورت هے ، یعنی یه احتمال بھی هے کہ دونوں منافع ایک ساتھ حاصل ہوں ، که ابتداء میں نصیحت اور تذکیرحاصل هو، اور آخر میں تزکیه نفس میسّرآجائے ، "مانعۃ الجمع" نهیں هے که دونوں ایک ساتھ جمع نه هوں۔ " مظهری"

## انبیاء کا معصوم هونا

الله تعالی کے تمام پیغمبر دین اور شریعت کی تبلیغ میں معصوم هیں: اس کا معنی یه هے که : جو کچھ الله تعالی کی طرف سے آجائے اس میں کمی بیشی کے بغیر لوگوں تک پهنچادیتے هیں: الله تعالی اپنے نبی کے بارے میں سورۃ الحاقه میں فرماتا هے: وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَينَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ * لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيمِينِ * ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ * فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ * وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ (سوره الحاقه 44-48).
یعنی اگرهم پر جھوٹ باندھتا، توہم اسے سختی سے پکڑتے اور هم اس کے دل کی رگ کاٹ دیتے، اور تم میں سے کوئی بھی اس کوسزا دینے سے نهیں بچاسکتاتھا، اوریه یقینًا پرهیزگاروں کے لیے نصیحت هے ۔
رب تعالٰی نے اپنے پیارے نبی علیه السلام سے فرمایا: یا أَیهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَیکَ مِن رَّبِّکَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللهُ یعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ (سوره مائده 67 )
اے پیغمبر ! جو کچھ تیرے رب کی طرف سے تجھ پر نازل هوا اس کی تبلیغ کر، اگر ایسا نهیں کیا تو تم نے اس کا پیغام نهیں پهنچایا، اور الله تعالی تجھے لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔
اس بنا پر یه ممکن نهیں هے که الله کے بھیجے هوئے انبیاء دین اورشریعت میں سے کوئی چیز بھول جائیں اور لوگوں تک نه پهنچائیں ، یا اسے بدل دیں یا چھپادیں ، پیغمبر صلی الله علیه وسلم نے بھی دین کو مکمل طور پر لوگوں تک پهنچادیا اور ان کے سامنے پیش کردیا ۔
الله تعالی نے حجۃ الوداع کے موقعے پر یه آیت مبارکه نازل فرمائی: (الْیوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِینَکُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَیکُمْ نِعْمَتِي وَرَضِیتُ لَکُمُ الإِسْلاَمَ دِینًا) (سورۃ المائدۃ آیت : 4) ترجمہ: آج میں نے تمہارے لیے تمهارا دین مکمل کردیا، اور اپنی نعمت تم پر پوری کردی، اور اسلام بطور دین کے تمهارے لیے پسند کیا۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز الله تعالی کے تمام پیغمبر کبائر کے ارتکاب سے معصوم تھے، جیساکه شیخ الاسلام ابن تیمیه رحمه الله نے کہاھے: عالم اسلام کے اکثر علماء اور تمام فرقے کہتے ھیں که : انبیاء علیهم السلام کبائر کے ارتکاب سے (نه کہ صغائر) معصوم تھے، اور أهل تفسیر وحدیث اور فقهاء کا بھی یہی کہناھے، بلکه اس بات کا ذکر کہیں نہیں ملتا که سلف امت او رأئمه دین، صحابه کرام اور تابعین وتبع تابعین میں سے کسی نے اس کے خلاف کوئی بات کی هو (مجموع الفتاوی جلد : 319/4).

**تنبیه**

بعض دفعه ایسا بھی هوا که انبیاء کرام سے بعض دینی کاموں یا دین اور شریعت سے متعلق امور میں معمولی سی فروگزاشت هوئیں، مگرفی الفور ان کی اصلاح وحی الٰهی کے ذریعے کی گئی، تاکه ایسا نه ہو که رسالت کا کام مشکوک هوجائے، اس طرح درپیش نقصان کی تلافی کرنا آپ صلی الله علیه وسلم کو سکھایاجاتا ، تاکه آپ کے ساتھی بھی سیکھ جائیں که جب بھی کوئی غلطی سرزد ہوجائے تو اس کا ازاله کیسے کیا جائے؟

بالفاظ دیگر: غلطیوں کا سرزد هوجانا لوگوں کو دین کی تعلیم سے آراسته کرنے کا ایک طریقه تها۔

مثال کے طور پر : ایک روایت میں مذکور هے که آپ صلی الله علیه وسلم نے چار رکعت والی نماز میں سهوًا دو رکعت پڑھا کر سلام پھیردیا، پھر جب آپ صلی الله علیه وسلم کی توجہ اس طرف دلائی گئی تو فی الفور آپ صلی الله علیه وسلم نے اس کا ازاله کرکے سجده سهو کیا، لوگوں نے جب یه منظر دیکھا تو وه سیکھ گئے که آینده جب کبھی نماز میں سهو هوجائے تو (نماز دوهرائے بغیر) کیسے اس کا ازاله کیا جائے، تو اس طرح سهو واقع هونے کی حکمت لوگوں کو دین سکھاناھے، اب هم ایسے واقعات اور روایات کی موجود گی کی وجہ سے جانتے ھیں که سهو هوجائے تو کیا کرنا چاهیے، اگر یه روایات اور واقعات نه هوتے تو هم اس کے ازالے کو نہیں سمجھ پاتے۔

ایک اور مثال بدر کے قیدیوں کا واقعه هے ، امام احمد وغیره انس بن مالک رضی الله عنه سے روایت کرتے ھیں : رسول صلی الله علیه وسلم نے صحابہ کرام کو مخاطب کرکے فرمایا: خدا نے ان کو آپ لوگوں کے طاقتور پنجے میں دیدیاھے، آپ لوگوں کی ان قیدیوں کے بارے میں کیا رائے ہے؟ حضرت عمر رضی الله عنه کھڑے هوگئے اورکہا: ان سب کی گردنیں اڑادیں، پیغمبر صلی الله علیه وسلم نے حضرت عمر رضی الله عنه سے منه پھیرا ، ابوبکر صدیق رضی الله عنه اٹھے اور کہنے لگے: میری رائے یه هے که ان کو معاف کیا جائے (ان کو قتل کرنے سے صر ف نظر کیاجائے) اور ان سے فدیه وصول کیاجائے، پھر آپ صلی الله علیه وسلم نے فدیه کے بدلے ان کو

(c) ketabton.com: The Digital Library

معاف کردیا، اس سلسلے میں الله تعالی نے آیت نازل فرمائی : "مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُ أَسْرَي حَتَّي يُثْخِنَ فِي الأَرْضِ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيا وَاللّهُ يرِيدُ الآخِرَةَ وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ * لَّوْلاَ كِتَابٌ مِّنَ اللهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ " (احمد : 13143) ترجمه: "کسی پیغمبر کیلئے جائز نہیں هے کہ اس کے پاس قیدی ہوں اور وہ ان کا خون نہ بہائے، تم دنیا کا فائدہ چاھتے ھو ، حالانکه الله تعالی (تمھارے لیے) آخرت کا فائدہ چاھتاھے، اور الله تعالی غالب حکمت والا ھے، اگر رب تعالی کی طرف سے صادر شدہ فیصلہ پہلے سے موجود نہ ھوتا تو اس فدیه کے بدلے جوتم نے حاصل کیا تمھیں ایک بڑا عذاب گھیرلیتا"

اس موقع پرنبی کریم صلی الله علیه وسلم نے اپنے اجتھاد سے فدیه کے بدلے قیدیوں کو آزاد کرنے کاحکم فرمایا، لیکن اس اجتھاد کی وحی کے ذریعه تائید نهیں هوئی، اور لوگ سمجه گئے که شارع کا مقصود کیاهے، اس بنا پر پیغمبر صلی الله علیه وسلم اپنی رسالت او ر دین کے ابلاغ میں معصوم تھے۔

اگرکبھی عبادت کے معاملے میں ان سے کوئی سھو یا غلطی ھوجاتی ، اگر کوئی اجتھادی سھو دینی احکام سے متعلق صادر ھوجاتی تو فوری طورپر وحی کے ذریعه ان کی اس سھو کی تصحیح کی جاتی، اور لوگوں تک پهنچادی جاتی، اور لوگ دین کے مسائل اس سے سیکھتے۔

لیکن بعض اوقات ان سے دنیا کے معاملات اور کار بار میں بھی غلطیاں هوجاتی تھیں، البتہ آپ صلی الله علیه وسلم کے صحابہ کرام کے لیے رسالت کے امور اور دنیاوی امور میں فرق کرنا آسان تھا،اگرچہ دینی امور کی پهچان اور فرق کرنا دنیاوی امور سے هرانسان کا کام نهیں هے، اس لیے کبھی آپ صلی الله علیه وسلم کے صحابہ کرام آپ سے سوال کرتے تھے که فلان کام یا امر وحی هے، یا آپ کی ذاتی رائے؟

جیساکه ایک صحیح حدیث میں هے که نبی کریم صلی الله علیه وسلم نے صحابہؓ کے لشکر کو حکم دیا که مشرکوں سے پہلے بدر کے پانیوں پر پهنچ جائیں، اور انھیں وادی بدر کے پانی کے ذخائر تک نه پهنچنے دیں، انهوں نے را ت کے ایک حصے میں وادی بدر کے قریب ترین پانی کے کنویں پهنچ کر پڑاؤ ڈالا۔

حُباب نے ایک عسکری تجربه کار اور ماهر کی حیثیت سے کہا : (أرأيت هذا المنزل أمنزلا أنزله الله ليس لنا أن نتقدمه ولا نتأخره أم هو الرأي والحرب والمكيدة؟ قال بل هو الرأي والحرب والمكيدة قال يا رسول الله فإن هذا ليس لک بمنزل امض بالناس حتي نأتي أدني ماء من القوم فنعسكر فيه ثم نغور ما وراءه من الآبار ثم نبني عليه حوضا فنملؤه ماء ثم نقاتل القوم فنشرب ولا يشربون فقال رسول الله صلي الله عليه وسلم لقد أشرت بالرأي ثم أمر بإنفاذه فلم يجيء الليل حتي تحولوا كما رأي الحباب وامتلكوا مواقع الماء» (فقه السيرة) و (دلائل النبوة)

(c) ketabton.com: The Digital Library

البانی نے اسے صحیح قرار دیاھے) ترجمہ: "اے الله کے رسول ! اس مقام پر جو هم ٹھهرےهیں، کیا اس مقام پر رکنا الله تعالی نے (وحی کے ذریعے) همارے لیے متعین کیا هے که هم اس سے آگے جانے کا حق نهیں رکھتے اور نه اس سے پیچھے جاسکتے هیں، یا یه رأی آپ صلی الله علیه وسلم کی جنگی حکمت عملی ہے ؟ فرمایا: " بل هو الرأي والحرب والمکیدة " نهیں، بلکه یه میری رائے اورجنگی حکمت عملی هے، حُباب بن منذر نے کها: اے الله کے رسول ! یه ٹھهرنے کی جگه نهیں هے، بلکه لشکر کو حرکت دیں مخالف جماعت کی طرف تا که قریب ترین کنویں کے پانی تک پهنچ جائیں، وهاں ٹھهرجائیں، اور اس طرف کے کنوؤں کو کھود کر (حوض) تالاب بنائیں ، اور اس میں پانی بھریں، تب مخالفیں سے جنگ کریں که همارے پاس پانی هو اور ان کے پاس نه هو"

رسول الله صلی الله علیه وسلم نے فرمایا:" لقد أشرت بالرأي" تم نے بهترین رائےپیش کی هے، پھر آپ صلی الله علیه وسلم نے لشکر کوچلنے کا حکم فرمایا، : جاکردشمن کے قریب ترین کنویں تک پهنچ گئے، اور آدھی رات کو وهاں جابسے، راتوں رات پانی کے تالاب بنائے اور وهاں کے تمام پانی کے کنوؤں کو کھود کر ان کاپانی اُن تالابوں میں بھردیا ۔

اس معاملے میں هم دیکھتے هیں که جب حُباب بن مُنذر پر مسئله مشتبه هوگیا که آپ صلی الله علیه وسلم کا یه عمل وحی هے یا ذاتی رائے ہے، تو آپ صلی الله علیه وسلم سے سوال کیا تاکه مسئله واضح هوجائے۔

ایک دوسری صحیح روایت میں هے که آپ صلی الله علیه وسلم ایک دن چند آدمیوں کے پاس سے گذر رهے تھے اور وه لوگ اپنے کھجوروں کی تلقیح (نرکھجورکے پھول مادے میں ملانا) کررهے تھے، تو آپ علیه السلام نے فرمایا : "لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا لَصَلُحَ" اگر تم لوگ اس طرح کھجوروں کے نر اور مادے کو ملانے والا عمل نہ کرو تو بہترہوگا، تونبی علیه السلام کے کهنے پر انهوں نے ایسا کرنا چھوڑدیا، لیکن اس کے بعد کھجوروں کی پیداوار اچھی نهیں هوئی۔

کچھ مدّت کے بعد آپ صلی الله علیه وسلم دوباره ان کے پاس گئے ان سے پوچھا که: "مَا لِنَخْلِكُمْ؟" کھجور کیسے پھل دے رهے هیں؟ انهوں نےکھجوروں کے کم پھل دینے کی شکایت کی، تو آپ نے فرمایا که:"أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأَمْرِ دُنْيَاكُمْ" آپ لوگ اپنے دنیاوی امور کو بهتر جانتے هو۔

مسند بزار میں آیا هے که فرمایا: « وَإِنِّي قُلْتُ لَكُمْ ظَنًّا ظَنَنْتُهُ، فَمَا قُلْتُ لَكُمْ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَلَنْ أَكْذِبَ عَلَي اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَي» یعني: جومیں نے آپ لوگوں سے کها یه میری اپنی ذاتی رائے تھی ، لیکن جب میں آپ لوگوں سے کهدوں

(c) ketabton.com: The Digital Library

که الله رب العزت نے فرمایا ، وہ کبھی بھی رب تعالی پر جھوٹ نہیں ہوگا. (صحیح مسلم (2363) و مسند البزار (937).

نبی کریم صلی الله علیه وسلم سے روایت کیاگیاھے که : «إنما أنا بشر أذا أمرتكم بشيء من دينكم فخذوا به، و إذا أمرتكم بشيء من رأيي، فإنما أنا بشر». صحیح الجامع (2338).

ترجمہ:بیشک میں بشرھوں (تمھارے جیسے) میں تمھیں دین کے معاملے میں کوئی حکم کردوں تو فورًا بجالاؤ، اور اگر اپنی ذاتی رائے سے کچھ کھوں تو تم سمجھو اس میں بشریت کے لحاظ سے غلطی کا احتمال ھے .

## خلاصه یه هے که :

انبیاء علیهم السلام دین کی تبلیغ میں معصوم عن الخطأ تھے، اور انهوں نے دین سےمتعلق تمام احکام کمی بیشی اور کسی قسم کی غلطی کے بغیر لوگوں تک پهنچادیئے هیں ، اگر کبھی دین سے متعلق کسی مسئله میں ان سے سهو هوجاتی تو فوری طورپر وحی کے ذریعےسے ان کی اصلاح کرادیجاتی، اور لوگ اس سے باخبرھوجاتے ، دین کے علاوہ دنیاوی معاملات میں معصوم نهیں تھے، اور اس سے ان کی رسالت میں کوئی نقصان بھی نہیں پهنچتا، کیونکه رب تعالی نے یه نهیں فرمایاکه تمهارے لیے ایسا پیغمبر بھیجاھے جو تاجر اور طبیب یاکسی صنعت سے وابسته ھے .

اس لیے که ان امور میں غلطی کرنا کوئی تعجب کی بات نهیں ، اور امور رسالت کے معاملات کی پهچان لوگوں کے لیے آسان تھی، جیسا که هم نے چند مثالیں بیان کردیں که دینی مسائل اور دیناوی مسائل میں فرق کرنا آسان تھا اور دین سے متعلق تمام مسائل کو نبی کریم صلی الله علیه وسلم دین کےعنوان سے لوگوں کو سمجھا تے تھے تا که لوگوں کو معلوم هو که فلان مسئله دین کا ھے، اور فلان مسئله (دنیاوی امورسے متلق ہے) رسالت کے امور میں سے نهیں ھے.

اس بنا پر فقهائے اسلام نے کها ھے:کہ آپ صلی الله علیه وسلم کے اقوال میں اصول یه ھے که آپ کا قول شریعت کی قانونی بنیادھے، اور وحی کا حصه ھے .

البتہ اگر ایسی کوئی دلیل هو جو ثابت کرے که آپ کا فلان قول آپ کی ذاتی رائے ھے توالگ بات ہے، اور اگرایسی کوئی دلیل میسرنہ هو تو اصل پر عمل کیا جائے گا، یعنی آپ کے اقوال وحی کےتائید کننده ہوں گے، اور وہ شرعی حکم هوں گے .

جبکہ نبوی افعال میں اصول یہ ہے کہ همیشه شرعی حکم نهیں هوتا، کبھی قانونی هوتاھے ، اور کبھی اجتهادی اور کبھی ذاتی رائے .

## انبیاء علیهم السلام کن امور میں معصوم ہیں؟

(c) ketabton.com: The Digital Library

انبیاء علیهم السلام مخلوقات میں سب سے اشرف اور پاک تھے، سب سے زیادہ تقوی والے تھے، رب تعالی سے ڈرنے والے اور وہ منتخب جماعت هیں جن کی طرف لوگوں کو دیکھنا چاهیے اور ان کی اقتدا کرنی چاهیے ۔
خدا کے آخری رسول صلی الله علیه وسلم اور دیگر انبیاء علیهم الصلاة والسلام کو خطاؤں اور گناهوں سے عصمت اور حفاظت کا درجه حاصل هے، هم عصمت سے متعلق مسائل کو درج ذیل دو امور میں تقسم کرتے هیں ۔
1 - دین کی تبلیغ میں عصمت
2 - بحیث بشر کے غلطیوں سےپاک هونا
پهلا امر یعنی : تبلیغ دین میں تمام انبیاء معصوم هیں ، رب تعالی فرماتے هیں :
"وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَينَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ * لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيمِينِ * ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ * فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ * وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ" (سوره الحاقه 44-48).
ترجمه: اگریه پیغمبر هماری نسبت کوئی بات جهوٹ بنالاتے، توهم ان کا داهنا هاتھ پکڑلیتے، پھر اُن کی رگِ گردن کاٹ ڈالتے، پھر تم میں سے کوئی (همیں) اس سے روکنے والانه هوتا، اور یه (کتاب) تو پرهیزگاروں کے لئے نصیحت هے ۔
اور اپنے پیارے نبی صلی الله علیه وسلم سےفرمایا: "یا أَیهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَیکَ مِن رَّبِّکَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللهُ یعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ" (سوره مائده 67).
ترجمه: اے پیغمبر جو ارشادات خدا کی طرف سے تم پرنازل هوئے هیں سب لوگوں کو پهنچادو، اور اگر ایسا نه کیا تو تم خدا کے پیغام پهنچانے میں قاصررهے، (یعنی پیغمبری کا فرض ادا نه کیا) اور خدا تم کو لوگوں سے بچائے رکھے گا ۔
شیخ عبد العزیز بن باز رحمه الله (فتاوی ابن باز میں: ج -371/6) فرماتے هیں : تمام مسلمانوں کا اس بات پر اجماع هے که تمام انبیاء علیهم الصلاة والسلام دین کی تبلیغ میں غلطیوں سے معصوم هیں، جیسا کہ جناب محمد صلی الله علیه وسلم کے بارے میں رب تعالی فرماتے هیں: (والنجم إذا هوي * ما ضل صاحبكم وما غوي * وما ينطق عن الهوي * إن هو إلا وحي يوحي * علمه شديد القوي) (سوره النجم /1-5) ترجمه: تارے کی قسم جب غائب هونے لگے، که تمهارے رفیق (محمد) نه رسته بھولے هیں نه بھٹکے هیں، اور نه خواهش نفس سے منه سے بات نکالتے هیں، یه (قرآن) توحکم خداهے جو(انکی طرف) بهیجاجاتاهے، انکو نهایت قوّت والے نے سکهایا(یعنی جبرائیل).
همارے نبی کریم صلی الله علیه وسلم تبلیغ دین سے متعلق تمام امور قول ، فعل اور تقریر میں معصوم هیں، اس مسئله میں اهل علم کے درمیان کوئی اختلاف نهیں هے ۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

دوسرا امر: یعنی بشری اور انسانی غلطیوں سے پاک ہونا ، یہ مسئله دوحصوں میں تقسیم ہوتاھے:

1 - کبیره گناهوں سے متعلق انبیاء علیهم السلام کی عصمت، که تمام انبیاء علیهم السلام کبائر کے ارتکاب سے معصوم هیں، جیساکه شیخ السلام ابن تیمیه رحمه الله (مجموع الفتاوی: ج-4 /319 میں اس پر تاکید فرماتے هیں.

2 - صغیره گناه، بعض اوقات انبیاء علیهم السلام میں سے بعض صغائر کے مرتکب هوئے هیں، اس لیے اکثر اهل علم معتقد هیں که انبیاء علیهم السلام صغائر سے معصوم نهیں هیں.

اگر انبیاء میں سے کسی نے صغیره گناه کیاهے تو الله تعالی نے اسے تنبیه کی هے اور اس نے توبه کے لیے پهل کی هے.

جو لوگ کهتے هیں که آدم علیه السلام نے گناه کیا اور شیطان نے اسے بهکایا، دلیل کے طور پر رب تعالی کی نازل کی هوئی اس آیت کوپیش کرتے هیں: "فَأَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْءَاتُهُمَا وَطَفِقَا يخْصِفَانِ عَلَيهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ وَعَصَي آدَمُ رَبَّهُ فَغَوَي" (سوره طه121). ترجمه: تو دونوں نے اُس درخت کا پهل کهالیا تو ان پر انکی شرمگاهیں ظاهر هوگئیں، اور وه اپنے (بدنوں) پربهشت کے پتے چپکانے لگے، اور آدم نے اپنے پروردگار کے حکم کے خلاف کیا تو (وه اپنے مطلوب سے) بے راه هوگئے .

اورسوره بقر آیت (36) میں فرماتے هیں: "فَأَزَلَّهُمَا الشَّيطَانُ عَنْهَا" ترجمه: پهرشیطان نے دونوں کو وهاں سے پهسلادیا.

مگراُن لوگوں کی بات غلط ہے اس لیے: کہ یهاں پر آدم علیه السلام سے متعلق جو کچھ بیان هواهے وه نبوت سے پهلے هے، اس کی بنیاد پر آدم علیه السلام کو طعن کرنا درست نهیں هے، امام ابوبکر بن فورک کهتے هیں: یه معامله نبوت سے پهلے کا هے، اس کی دلیل رب تعالی کا یه فرمان هے: "ثُمَّ اجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَتَابَ عَلَيهِ وَهَدَي" (سوره طه122) ترجمه: پهر رب تعالی نے اسے برگزیده کیا اور اس کی توبه قبول فرما کر اسے هدایت بخشی.

کهتے هیں که اسے منتخب کرنا اور هدایت دینا گناه ونا فرمانی کے بعد کا هے، اگر نبوت سے پهلے کا هو تو یه اس اکیلے کی لغزش هے، اور نبوّت سے پهلے انبیاء کیلے کوئی شریعت نهیں هوتی که هم پر اس کی تصدیق کرنا واجب هو.

لیکن جب رب تعالی نے اسے لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا تو پهر دین کے پهنچانے میں امانتدار اور معصوم هیں، اور سابقه گناه سے ان کو نقصان نهیں پهنچتا .

(c) ketabton.com: The Digital Library

اگر یه کهاجائے که رونما هونے والے ان واقعات کا کس طرح آدم علیه السلام کے قبل نبوت سے ربط دیتے هو، کیا نبوت رب تعالی کی طرف سے وحی کو نهیں کهتے ؟

جب که آیات واحادیث یه بیان کرتی هیں کہ رب تعالی آدم علیه السلام کے ساتھ جنت سے نکلنے سے پہلےبھی بات کرچکے هیں ۔

جواب یه هے که: یهاں نبوت منتفی هے، اس لیے که نبوت صرف وحی نهیں هے ، بلکه کسی نبی اور پیغمبر کیلئے جدید شریعت کا بهیجنا یا پهلے والے شریعت کی تجدید هے۔

اور یه دلائل آدم علیه السلام کے متعلق نهیں ملتے هیں که جنت میں اپنی بیوی کے ساتھ انہیں شریعت دی گی هو ۔

اس وجه سے سب سے صحیح بات آدم علیه السلام کے ساتھ رونما هونے والے واقعات میں یه هے که یه نبوت اور ان کے مبعوث هونے سے پهلے تها۔

صرف وهی چیز جو آدم علیه السلام کے لیے شریعت کو ممکن بناتی هے وه هے توبه جو انهوں نےنافرمانی کے بعد کی تهی۔

البتہ یه توبہ بهی شریعت هونے کی وجه سے نهیں، بلکه روح کی پاکیزگی اور آدم علیه السلام کی طرف سے خالق کے مقام ومرتبه کے پهچان کی وجه سےهوا، رب تعالی فرماتے هیں: "فَتَلَقَّي آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيهِ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ" (سوره بقره 37)

ترجمه: پهرآدم نے اپنے پروردگارسے کچھ کلمات سیکھے (اورمعافی مانگی) تو اس نے قصورمعاف کردیا بیشک وه معاف کرنیوالا (اور) صاحب رحم هے ۔

ان مثالوں میں سے جن کو مخالفین اس بارے میں بیان کرتے هیں اورچاهتے هیں که اس کے ذریعے سے قرآن کریم پر اعتراض کریں ، ایک مثال اس واقعے کی ہے جو نبوّت سے پهلے موسی علیہ السلام کے متعلق رونما هوا ، اور وه قتل کا ارتکاب هے، اور اس کے لیےقرآن سے دلیل لاتے هیں : وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰي حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَہْلِہَا فَوَجَدَ فِيْہَا رَجُلَيْنِ يَـقْتَتِلٰنِ۝۰ۤ ہٰذَا مِنْ شِيْعَتِہٖ وَہٰذَا مِنْ عَدُوِّہٖ۝۰ۚ فَاسْتَغَاثَہُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِہٖ عَلَي الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّہٖ۝۰ۙ فَوَكَزَہٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْہِ۝۰ۤ قَالَ ہٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ۝۰ۭ اِنَّہٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ۝۱۵ (سوره قصص)۔

ترجمہ: شهرکے لوگ بے خبر تهے که موسی علیه السلام شهرمیں داخل هوئے، اور دیکها که دوشخص آپس میں لڑرهے هیں، ان میں سے ایک موسی علیه السلام کی قوم سے تعلق رکهتاتها اور دوسرا دشمن کی قوم سے تها، توپهر جوشخص موسی علیه السلام کی قوم سے تها وه مدد کیلئے پکارا ، موسی علیه

(c) ketabton.com: The Digital Library

السلام اس کی مدد کیلئے دوڑے اور ایک مُکّے سے اس کا کام تمام کردیا ، اور کہا یه کام شیطان کے بهکاوے سے ہوا ، یقیناً شیطان گمراہ کرنے والا اور کهلا دشمن هے، اس کے بعد کهتے هیں که: موسی علیه السلام اس غلطی کے ارتکاب سے کافی پشیماں هوئے، یهی ندامت سبب بنی که اپنے پروردگار کے حضور قیامت میں شفاعت کرنے سے پیچهے رهیں گے، جیساکه شفاعت والی طویل حدیث میں بیان هواهے: "فَيأْتُونَ مُوسَي فَيقُولُونَ يا مُوسَي أَنْتَ رَسُولُ اللهِ فَضَّلَکَ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ وَبِکَلاَمِهِ عَلَي النَّاسِ اشْفَعْ لَنَا إِلَي رَبِّکَ أَلاَ تَرَي إِلَي مَا نَحْنُ فِيهِ فَيقُولُ إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيوْمَ غَضَبًا لَمْ يغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنِّي قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ أُومَرْ بِقَتْلِهَا نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي" (بخاري)

ترجمہ:قیامت کے دن لوگ موسی علیه السلام کے پاس آئیں گے اورکهیں گے: اے موسی! آپ تو الله کے رسول هو، رب تعالی نے آپ کو رسالت دے کر اور آپ سے هم کلام هوکر آپ کو فضیلت دی هے، اپنے پروردگار سے هماری شفاعت کریں ، آپ همیں نهیں دیکهتے کہ هم کس حالت میں هیں، موسی علیه السلام جواب میں کهیں گے: میرا رب آج اتنے غصے میں هے که نه پهلے کبهی تها اور نه آینده اتنا غصه هوگا، میں نے ایک شخص کو بغیر کسی حکم کے قتل کردیاتها، اس لیے مجهے اپنی فکر لگی هے .

اس بارے میں بهی امام ابوبکربن فورک کهتے هیں که : جو کچھ مخالفین موسی علیه السلام کے بارے میں بیان کرتے هیں وه بهی نبوت سے پهلے کا واقعه هے ، جیسا که خدا تعالی فرماتے هیں: «قَالَ أَلَمْ نُرَبِّکَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِکَ سِنِينَ*وَفَعَلْتَ فَعْلَتَکَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْکَافِرِينَ*قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ* فَفَرَرْتُ مِنْکُمْ لَمَّا خِفْتُکُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُکْمًا وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ» (سوره شعرا 18- 21 ) .

(فرعون نے موسی سے کها) کیاهم نے تم کوکه ابهی بچے تهے پرورش نهیں کی اور تم نے برسوں همارے هاں عمر بسر(نهیں) کی، اورتم نے وه کام کیاتها جو کیا اور تم ناشکرے معلوم هوتے هو، (موسی نے) کهاکه (هاں) وه حرکت مجھ سے ناگهاں سرزد هوئی تهی اورمیں خطاکاروں میں تها، تو جب مجهے تم سے ڈرلگا تو میں تم سے بهاگ گیا، پهر خدانے مجهے نبوت وعِلم بخشا اور مجهے پیغمبروں میں سے کیا۔

موسی علیه السلام اسے قتل کرنے کا اراده نهیں رکهتے تهے، بلکه اپنے قومی بهائی کا دفاع کرنا چاهتےتهے، اس بنا پر وه قتل عمد کے مرتکب نهیں هوئے، اس کام کی وجه سے موسی علیه السلام نے رب تعالی سے بخشش طلب کی، اور خدا نے بهی انہیں بخش دیا، جیسا که فرماتے هیں : قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (سوره قصص 16)

(c) ketabton.com: The Digital Library

ترجمہ: بولے کہ اے پروردگار! میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تو مجھے بخش دے تو خدا نے ان کو بخش دیا بے شک وہ بخشنے ولا مهربان هے ۔
انبیاء علیهم السلام کی طرف جو اعتراضات منسوب کیے جاتے ہیں تو یہ عمل خلاف اولی هے، یعنی اس کام کونه کرنا بهترتھا ۔

## هم لوگوں کے جنت میں جانے کے ذمه دار نهیں هیں

قرآن کریم ایک خاص خوبصورتی کی ساتھ کهتا هے: اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالۡحَـقِّ‌ۚ فَمَنِ اهۡتَدٰى فَلِنَفۡسِهٖ‌ۚ وَمَنۡ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا‌ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ۴۱ (سوره زمر)
ترجمہ: هم نے تم پرکتاب لوگوں (کی هدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی هے، تو جوشخص هدایت پاتاهے تو اپنے (بھلے کے) لئے اور جو گمراه هوتاهے اپناهی نقصان کرتاهے، اور (اے پیغمبر) تم ان کے ذمه دار نهیں هو۔
مفسّرین کرام اس آیت کی تفسیر میں لکھتے هیں که بنیادی طور پر قرآن کریم بشریت کی رهنمائی کیلئے نازل هواهے، "إِنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِ".
ترجمہ: هم نے تم پرکتاب لوگوں (کی هدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی هے ۔
یقینًا یه پرعظمت کتاب ہے اور معجزات سے بهری هوئی هے، اس میں باطل اور بے معنی چیزیں نہیں ہے۔
بشریت کی هدایت اور رهنمائی کیلئے تجھ پر اتارا هے، اهل علم کا کهنا هے که مذکوره آیت میں لفظ "حق" کے بارے میں دو تفسیریں هیں:

1 - سب سے پهلے قرآن عظیم کا رسول الله صلی الله علیه وسلم پر نزول اور ترسیل حق کے ساتھ هوئی هے ، اور اس میں کسی قسم کا کوئی باطل نهیں هے۔
2 - دوم یه هے که یه کتاب حق هے : (ذَلِكَ الْكِتَابُ لاَ رَيبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ) هے، قرآن کریم حق اور اس میں کسی بهی قسم کے شک اورتردّد کی گنجائش نهیں هے، اور متقیوں کی رهنمائی کیلئے اتری هے ، اس میں بهی کوئی شک نهیں هے که یه کتاب : یعنی قرآن عظیم نبی کریم صلی الله علیه وسلم پر بشریت کی هدایت او ررهنمائی کے واسطے نازل هوئی هے، چنانچہ انسانوں پر لازم هے که هدایت اور رهنمائی اس کتاب سے حاصل کریں ۔

اور جو کچھ انسان کی گمراهی اور ضلالت کا سبب بنتاهے اس سے بچیں اور دوری اختیارکریں، قرآن کریم کو سمجھنا اور اپنی زندگی کو قرآن کریم کے منطقی فهم پر استوار کرنا ضروری هے که جس چیز کی طرف یه کتاب همیں دعوت دیتی هے ، اس کی طرف جاناچاهیے اور اس پر عمل کرنا چاهیے۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور جس چیز سے ڈراتی اور منع کرتی هے اس کی تنبیہات کو سنجیدگی سے لینا چاهیے ، اور ان ممنوعات کے انجام سے اپنے آپ کو بچانا چاهیے، جن ممنوعات کو قرآن نے بیان کیاہے .

جس چیز کی طرف قرآن کریم همیں بلاتاهے، اسے رُشد و هدایت جاننا چاهیے اور جس سے همیں ڈراتا دهمکاتا هے اسے باطل سمجهنا چاهیے اور اس سے دوری اختیار کرنا چاهیے.

اگلی آیت کریمه میں هے که : "فَمَنِ اهْتَدَى فَلِنَفْسِهِ " پهر جو شخص اور انسان هدایت کا راسته اختیار کرتاهے، اور دلیل وبُرهان کے ساتھ حق کی طرف دوڑتاهے، یه اس کے فائدے میں هوگا، کیونکه یه ایک علمی اصول هے : که حق قبول کرنے کا نتیجه انسان کو هی ملتاهے .

(وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يضِلُّ عَلَيهَا) اور جو شخص گمراه هوا حق اور کلام الهی سے سرکشی کی اور منحرف هوا تو بالآخر یه اس کے لیےنقصان کا سبب بنے گا، نتیجتًا ایک گمراه شخص شمار کیا جائیگا.

دوسرے لفظوں میں وه اپنی منحرف عمل کی سزا چکهے گا، (وَمَا أَنْتَ عَلَيهِمْ بِوَكِيلٍ)

ترجمہ: اے رسول! تو ان پر ذمه دار نهیں هے ، یعنی حق کو ان کے دل میں پهنچانے کی ذمه داری آپ کی نهیں هے، یا یه که آپ کی یہ ذمہ داری نہیں ہے کہ ان کی همیشه سے نگرانی کریں که وه منحرف نه هوں.

کیونکه آپ ان کو زبردستی اسلام او ر ایمان قبول کرنے پر مجبور نهیں کرسکتے، آپ کا کام صرف اور صرف آسمان سے آیا هوا پیغام ان تک پهنچاناهے، نه آپ ان کے دلوں کے نگران هو اور نه ان کو حق قبول کرنے پر مجبور کرسکتے هو.

ایمان ایک معاهده هے ، اور یه دل اور باطن کا عزم هے ، جسے انسان اپنی مرضی سے قبول کرتا هے، اسی وجہ سے اسلام جو کہ ایک مقدس دین هے جبری ایمان کو قبول نهیں کرتا، همارے رب عظیم نے انسان کو آزاد چهوڑا هے تا که اپنی تحقیق سے دین منتخب کرے.

قرآن کریم کے منطقی فهم کے مطابق جن لوگوں نے کسی ناحق دین کا انتخاب کیاهے، ان کو کافر اور جن لوگوں نے درست اور برحق دین کا انتخاب کیا هے انهیں مؤمن کهاجاتاهے .

اس حساب سے کوئی مسلمان تو هوسکتاهے ، اور حق کے سامنے سرتسلیم خم کرسکتاهے ، لیکن مؤمن نهیں هوسکتاهے، جیساکه هم نے بتایا: مؤمن وه اندرونی عهد اور معاهده اور رشته هے جس معاهدے کی صداقت کے بارے میں الله تعالی اور خود شخص مؤمن جانتا هے .

(c) ketabton.com: The Digital Library

دین اسلام نے ایک قاعدہ اور قانون وضع کردیا ھے دین کے انتخاب کے لیے ، اس قانون کی بنیاد سورہ بقرہ کی آیت "256" میں بہت عمدگی سے بیان کی گئی ہے، رب عظیم فرماتے ھیں: "لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ ..."

آیت مبارکه کا شأن نزول :

یه سوره بقره کی آیت ھے اور یہ سورت هجرت کے بعد مدینه میں نازل ھونا شروع ھوئی، اس سورت کا نزول تب شروع ھوا جب اسلامی حکومت اور نظام تشکیل کے مراحل میں تھا۔

مفسّرین کھتے ھیں که : یه آیت اھل مدینه اور بنی سالم بن عوف کے قبیلے سے ایک شخص جس کا نام "حصین " ھے کہ بارے میں نازل ھوئی ھے، قصه کچھ اس طرح ھے که "حصین" خود تو مسلمان ھوا تھا ، لیکن اس کے دونصرانی بیٹے ابھی تک اسلام کی طرف مائل نھیں ھوئے تھے، اس آدمی نے اس واقعے کا پیارے نبی کریم صلی الله علیه وسلم سے ذکرکیا اورکھا: اے الله کے رسول! کیا ان دونوں کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کرسکتاھوں، کیونکه وه دونوں نصرانیت کے علاوه کسی دوسرے دین کو قبول کرنے کے لیے تیار نھیں ھیں ؟ اس کے جواب میں یه آیت کریمه نازل ھوئی : "لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ ...".

اسی طرح بعض مفسرین اس کے شأن نزول کے بارے میں کھتے ھیں که : انصار کےایک آدمی کا ایک سیاه فام غلام تھا، جس کا نام "صبیح" تھا، وه انصاری چاھتے تھے که اسے زبردستی اسلام لانے پر مجبور کریں، اسی اثناء میں یه آیت نازل ھوئی تو "صبیح" اور تمام مسلمانوں کو ھدایت دی گئ که دین اسلام قبول کرنے کے لیے لوگوں پر کوئی جبر و زبردستی نه کریں، اور فرمایاکه : انسانوں کو مکمل آزادی واختیار حاصل ھے۔

اسی طرح حضرت عمر رضی الله عنه نے بوڑھی نصرانی عورت کو اسلام کی دعوت دی، تو بوڑھی عورت نے جواب میں کھا: "أنا عجوزٌ کبیرة والموت اقرب الی" حضرت عمر رضی الله عنه نے اس بوڑھی عورت کا جواب سننے کے بعد اسے ایمان لانے پر مجبور نھیں کیا، بلکه اس آیت مبارکه کی تلاوت کی: "لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ ...".

یعنی دین میں کوئی چیز جبری نھیں ھے ،اور حقیقت میں ایمان قبول کرانے پر کوئی زور و زبردستی کام نھیں آئے گا۔

دین اسلام نے ایمان کو ظاھری اعضاء کے ساتھ مربوط نھیں رکھا ھے، بلکه ایمان اور عدم ایمان ان امور میں سےھے جن کا تعلق انسان کی اندرونی چاھت اور رضا کی ساتھ ھے۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

جیسا که رب تعالی فرماتے هیں : "وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ " کهدو: حق (وهی هے جو) رب کی طرف سے (آیا) هے ، (اور میں اسے اپنے ساتھ لایاهوں جوکه میرا اور تمام مؤمنین کا مشن هے) پس جو چاهے اس پر ایمان لائے اور جو چاهے اس کا انکار کردے (سورة الکهف : 29).

قرآن کریم نے نبی صلی الله علیه وسلم کی اس حیثیت کو اضح کیا که آپ صلی الله علیہ وسلم کامقصد فقط تبلیغ کرنا اور دعوت دینا هے، کسی کو زور وزبردستی کے ساتھ اسلام لانے پر مجبورکرنا نهیں : "اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۹۹" (یونس: آیه ۹۹) اے پیغمبر ! کیا تم چاهتے هو که لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور کردو، (یه کام نه تو درست هے نه فائده والاهے اور نه هی تیرا کام هے) .

پهر سورة الغاشیه( آیت : 22) میں فرماتے هیں : "لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۲۲ " آپ ان پر غلبه نهیں رکھتے.

اسی طرح سورة الشوری میں فرماتے هیں: "فَاِنْ اَعْرَضُوْا لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۲۲ ا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰــغُ ۭ " اگر مشرکین آپ کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کریں (کوئی مسئله نهیں هے غمگین مت هو) کیونکه هم نے آپ کو ان کی مراقبت اور نگرانی کے لیے نهیں بهیجاهے، آپ کا کام پیغام پهنچانا هے.

اسی طرح قرآن کریم میں سورة مزمّل (آیت : 19 ) میں فرماتے هیں: "فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۱۹ " پهرجوچاهے بنالے اپنے رب کی طرف راہ .

اس آیت مبارکه میں "من شاء" کاجمله دلیل هے انسان کی آزادی اور اختیار پر کفر اورایمان اختیار کرنے پر ، "اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۳ " ترجمه: هم نے انسان کو راه دکھائی هے چاهے شکر گزاربنے (قبول کرے) یا (مخالفت کرے) انکار کرے .

حق اور باطل کے راستے ایک دوسرے سے الگ هوچکے هیں ، دونوں راستوں کی پهچان کرادی گئی هے، ان میں سے هرایک کا انتخاب انسان کے اختیارمیں هے، وه مجبورنهیں هے ، جس راستے کا چاهے انتخاب کرے، البتہ اگر انسان نے حق اور حقیقت کا راسته اپنایا توجنت اور همیشه والی سعادت کو پالے گا.

اور اگر باطل راستے کا انتخاب کیا تو پهر جهنم اور همیشه والی بدبختی میں گرفتار هوگا، قرآن کریم نے ایک سو بیس (120) سے زیاده آیتوں میں یه تاکید کی ہے کہ اسلام قلبی اطمینان اور خالص پاکیزه تعلیم کی بنیاد پر پهیلاهے .

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور اسلام کو لوگوں میں متعارف کروانے کے بعد انهیں تمام اور مکمل اختیار دیاگیاهے که وه اس کے بعد دین کو قبول کرنے میں آزاد هیں۔
اسی رویه اور عظیم انسانی منطق کے سبب محمد صلی الله علیه وسلم نے فتح مکه کے بعد اهل مکه کو اپنی حالت پر چهوڑ دیا ، اور فرمایا : »"اذهبوا فأنتم الطلقاء»" جاؤ آپ لوگ آزاد هو، اس عظیم فتح کے بعد کسی کو زبردستی اسلام لانے پر مجبور نهیں کیا۔

صدق الله العظیم وصدق رسوله النبی الکریم

**ترجمه وتفسیر «سورة عَبَسَ»**
تتبع ونگارش: امین الدین « سعیـدی - سعید افغانی »
مدیر مرکز مطالعات ستراتـیـژیکی افغان
ومسؤل مرکزفرهنگی د حق لاره- جرمنی
ادرس : saidafghani@hotmail.com

Get more e-books from www.ketabton.com
Ketabton.com: The Digital Library